امر بالمعروف ونہی عن المنکر — اچھائی کی طرف اطلاع کرنا اور برائی سے بچانا
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ★ ABC CERTIFIED ★
روزنامہ
اطلاعِ عام
کوئٹہ
چیف ایڈیٹر:۔ محمد عمر
رجسٹریشن نمبر: C-1932
Email: dailyattelaaamqta@gmail.com / Etlaeaam2010@gmail.com | Tel: 081-2840968, 081-2820055 | Fax: 081-2828245
جلد نمبر: 16 | بروز جمعرات 29 اکتوبر 2026 / 17 جمادی الاول 1448ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر: 203

نوشکی گرلز کالج پر دہشتگرد حملہ، وزیراعلیٰ کا دہشتگردوں کو انجام تک پہنچانے کا عزم

3 طالبات زخمی، 2 کوئٹہ منتقل، تعلیمی ادارے بند نہیں ہوں گے، 3200 بند اسکول کھول چکے ہیں، سرفراز بگٹی

بلوچ بچیوں کو تعلیم سے دور رکھنا دہشت گردوں کا مقصد ہے، بی ایل اے بھارتی مفادات پر نہتی بچیوں کو نشانہ بنا رہی ہے

کوئٹہ (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ صوبے سے دہشت گردی کی فضا ختم کر کے دہشت گردوں کو ان کے انجام تک پہنچایا جائے گا، بزدلانہ حملے حکومت کے عزم کو پست نہیں کر سکتے۔ صوبے میں سیکیورٹی صورتحال پر گفتگو کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے نوشکی گرلز کالج میں پیش آنے والے افسوسناک واقعے کی شدید مذمت کی۔ انہوں نے بتایا کہ گزشتہ روز بی ایل اے کے دہشت گرد کالج میں داخل ہوئے اور فائرنگ کر کے تین طالبات کو زخمی کیا۔ دو طالبات کو شدید زخمی ہونے پر کوئٹہ منتقل کیا گیا ہے جہاں انہیں

(بقیہ 2 اندرونی صفحہ 3 پر)

پاکستان ریلویز میں 22 ہزار 546 آسامیاں خالی ہونے کا انکشاف

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان ریلویز میں گریڈ ایک سے 21 تک کی 22 ہزار 546 آسامیاں

(بقیہ 1 اندرونی صفحہ 3 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اپنے دفتر میں صوبے کی امن وامان کی صورتحال کے حوالے سے گفتگو کر رہے ہیں۔

وزیراعظم محمد شہباز شریف سے وفاقی وزیر ریاض حسین پیرزادہ کی ملاقات

رہائشی منصوبوں کو شفافیت کے ساتھ مقررہ مدت میں مکمل کیا جائے، وزیراعظم کی ہدایت

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وزیراعظم محمد شہباز شریف سے وفاقی وزیر برائے ہاؤسنگ و تعمیرات ریاض حسین پیرزادہ نے ملاقات کی اور انہیں جاری ہاؤسنگ سکیموں بارے پیشرفت سے آگاہ کیا۔ بدھ کو پی ایم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق ملاقات میں وزارت ہاؤسنگ اینڈ ورکس کے امور اور ترقیاتی منصوبوں بارے تفصیلی گفتگو کی گئی۔؟ وزیراعظم نے ہدایت کی کہ رہائشی منصوبوں کو شفافیت کے ساتھ مقررہ مدت میں مکمل کیا جائے اور اعلیٰ معیار کو یقینی بنایا جائیو زیراعظم محمد شہباز شریف سے وفاقی وزیر برائے ہاؤسنگ و تعمیرات

(بقیہ 5 اندرونی صفحہ 3 پر)

ملک کو خون خرابے کی طرف نہیں جانا چاہیے، مولانا فضل الرحمان

ہماری قربانیوں کا مذاق اڑایا گیا، خیبرپختونخواہ میں معدنیات کے معاملے پر دہشتگردی کے الزام کے پیچھے چھپا جا رہا ہے

ہم نے آپ کی رائے سے اختلاف کیا تو آپ ہمارے خلاف ہوگئے، سربراہ جمعیت علماء اسلام کا قومی اسمبلی اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (جی این ایم) جمعیت علمائے اسلام ف کے امیر مولانا فضل الرحمان نے قومی اسمبلی کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے خیبرپختونخواہ میں گورنر راج کے نفاذ اور ایمرجنسی پر سوالات اٹھائے اور حکومت کو خبردار کیا ہے کہ ملک کو خون خرابے کی طرف نہیں لے جانا چاہیے، ہم آپ کے ہاتھوں مرنے کیلئے تیار ہیں مگر تاریخ میں مرنے کیلئے تیار نہیں۔ ایوان میں اظہارِ خیال کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اگر دہشت گردی اور خراب حالات کی بنیاد پر خیبرپختونخواہ کی منتخب حکومت کو ہٹا کر وہاں گورنر راج اور ایمرجنسی نافذ کی گئی ہے، تو پھر بلوچستان میں

(بقیہ 3 اندرونی صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، نائب وزیراعظم و وزیرخارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار سے مکہ الائنس فار ڈیفنس کے پہلے سیکرٹری جنرل نعمان محمود ملاقات کر رہے ہیں

سرکاری سکولوں میں اساتذہ کی بھرتیاں صرف اور صرف میرٹ پر ہوں گی، وزیراعظم

سرکاری سکولوں میں اساتذہ کی بھرتیاں صرف میرٹ پر کرنے کی جائیں طلبا کے لیے محفوظ ماحول اور غذائی نشوونما حکومت کی ذمہ داری ہے

سرکاری سکولوں میں بہترین طبی سہولیات بھی فراہم کی جائیں، اسلام آباد میں سکولوں کے مسائل ایک ہفتے میں حل کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے اسلام آباد کے سرکاری سکولوں کے مسائل ایک ہفتے میں حل کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ سرکاری سکول بسوں کے دائرہ کار کو مزید وسعت دی جائے، اساتذہ کی بھرتیاں خالصتاً میرٹ پر کی جائیں، سولرائزیشن کو فروغ اور سرکاری سکولوں میں بہترین طبی سہولیات فراہم کی جائیں۔ وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت اسلام آباد میں سکولوں میں اصلاحات کے حوالے سے اعلیٰ سطح کا اجلاس منعقد ہوا۔ وزیراعظم نے اسلام آباد میں تمام سرکاری سکولوں میں انفراسٹرکچر، نصاب، اساتذہ کی تربیت اور دیگر اصلاحات کے ہنگامی بنیادوں پر نفاذ کی ہدایت کی۔ وزیراعظم نے

(بقیہ 6 اندرونی صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف مصنوعی ذہانت (A I) اور معیشت کی ڈیجیٹلائزیشن کے اطلاق اور علی بابا گروپ کے ساتھ جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

نائب وزیراعظم اسحاق ڈار سے مکہ مشترکہ دفاعی اتحاد کے پہلے سیکرٹری جنرل کی ملاقات

اسلام آباد (اے این این) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار سے مکہ مشترکہ دفاعی اتحاد کے پہلے سیکرٹری جنرل لیفٹیننٹ جنرل (ر) نعمان محمود نے

(بقیہ 7 اندرونی صفحہ 3 پر)

فضل الرحمان کی پی ٹی آئی قیادت سے ملاقات، چارٹر آف ڈیموکریسی کی تجویز پر اتفاق

ملاقات میں ملکی موجودہ سیاسی صورتحال، آئینی و جمہوری امور اور اپوزیشن جماعتوں کے باہمی تعاون پر گفتگو ہوئی

اسلام آباد (سی ایم لنکس) مولانا فضل الرحمان نے پی ٹی آئی کی قیادت سے اہم ملاقات کی اور چارٹر آف ڈیموکریسی کی تجویز پیش کی جس پر پی ٹی آئی نے اتفاق کیا، اس حوالے سے جلد اے پی سی بلائی جائے گی۔ مولانا فضل الرحمٰن نے وفد کے ہمراہ

(بقیہ 8 اندرونی صفحہ 3 پر)

بین المذاہب ہم آہنگی قومی ترقی کے لیے نہایت اہم ہے، گورنر بلوچستان

آئینِ پاکستان تمام شہریوں کو مذہبی آزادی اور مساوی حقوق فراہم کرتا ہے، جبکہ معاشرے میں امن واستحکام کے لیے علمائے کرام اور مذہبی رہنماؤں کا کردار قابلِ قدر ہے

تمام مذاہب اور مسالک کے ماننے والوں کے درمیان باہمی احترام، رواداری اور بھائی چارے کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے، جعفر مندوخیل سے وفد کی ملاقات

کوئٹہ (جی این ایم) گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل سے قومی پیغام امن کمیٹی کے کوآرڈینیٹر علامہ حافظ طاہر اشرفی نے وفد کے ہمراہ گورنر ہاؤس کوئٹہ میں ملاقات کی۔ اس موقع پر علامہ طاہر اشرفی نے گورنر بلوچستان کو قومی پیغامِ امن کے فروغ اور علمائے کرام سمیت مختلف مذاہب کے اکابرین کی کوششوں سے آگاہ کیا۔ گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ پاکستان کا امن، اتحاد اور بین المذاہب ہم آہنگی قومی ترقی کے لیے نہایت اہم ہے۔ تمام مذاہب اور مسالک کے ماننے والوں کے درمیان باہمی احترام، رواداری اور بھائی

(بقیہ 9 اندرونی صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، سپریم کورٹ آف پاکستان کے سینئر ترین جج جسٹس منیب اختر کارساز/قائم مقام چیف جسٹس آف پاکستان کے عہدے کا حلف اٹھا رہے ہیں

کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے کوئٹہ کا محنتی بچہ منیر احمد اپنے چھوٹے بھائی اور رشتے دار کے ہمراہ ملاقات کر رہا ہے۔ وزیراعلیٰ نے پانچوں یتیم بچوں کی کفالت کی ذمہ داری اٹھالی

پاک بحریہ کے سربراہ اور کویتی بحریہ کے کمانڈر کی ملاقات

ملاقات میں علاقائی بحری امن و استحکام کیلئے مشترکہ عزم کا اعادہ کیا گیا

راولپنڈی (سی ایم لنکس) انٹر سروسز پبلک ریلیشنز (آئی ایس پی آر) کا کہنا ہے کہ پاک بحریہ کے سربراہ ایڈمرل نوید اشرف اور کویتی بحریہ کے کمانڈر میجر جنرل سیف عبدالہادی الحملاں کے درمیان ملاقات ہوئی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق کمانڈر میجر جنرل سیف عبدالہادی الحملاں نیول ہیڈ کوارٹرز اسلام آباد پہنچے، نیول ہیڈ کوارٹرز آمد پر کویتی بحریہ کے کمانڈر کو گارڈ آف آنر پیش کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ملاقات میں باہمی

(بقیہ 10 اندرونی صفحہ 3 پر)

وزیرِ اعظم شہباز شریف سے وزیرِ ریلوے حنیف عباسی کی ملاقات

فریٹ سروسز میں بہتری اور مسافروں کو جدید سہولتوں کی فراہمی کے اقدامات پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (جی این ایم) وزیرِ اعظم شہباز شریف سے وفاقی وزیرِ ریلوے حنیف عباسی نے ملاقات کی ہے۔ شہباز شریف اور حنیف عباسی کے درمیان ملاقات میں وزارت ریلوے کے انتظامی، مالیاتی اور اصلاحاتی امور پر گفتگو ہوئی۔ وزیرِ ریلوے نے وزیرِاعظم کو ریلوے کی کارکردگی اور جاری منصوبوں سے آگاہ کیا۔ دورانِ ملاقات فریٹ سروسز میں بہتری اور مسافروں کو جدید سہولتوں کی فراہمی کے اقدامات پر تبادلہ خیال کیا

(بقیہ 11 اندرونی صفحہ 3 پر)

پاکستان نے تائیوان کی فضائی کمپنیوں کیلئے فضائی حدود بند کر دیں

پاکستان کی فضائی حدود استعمال کرنے کی اجازت صرف چین کی فضائی کمپنیوں کو ہے، خواجہ آصف

اسلام آباد (اے این این) پاکستان نے تائیوان کی فضائی کمپنیوں کیلئے فضائی حدود بند کر دیں۔ وزیر دفاع خواجہ آصف نے بلومبرگ کو انٹرویو میں کہا کہ پاکستان نے چین کی ون چائنا پالیسی کی حمایت میں تائیوان کی فضائی کمپنیوں کے لیے اپنی فضائی حدود بند کر دیں، پاکستان کی فضائی حدود استعمال کرنے کی اجازت صرف چین کی فضائی کمپنیوں کو ہے۔ خواجہ آصف نے کہا کہ پاکستانی فضائی حدود سے صرف چینی ایئر لائنز کو گزرنے کی اجازت دی گئی

(بقیہ 12 اندرونی صفحہ 3 پر)

ایچ ای سی کے دفاتر اور جامعات میں سگریٹ نوشی پر پابندی عائد

گرم کیے جانے والے تمباکو کی مصنوعات اور سگریٹ نوشی کی دیگر تمام اقسام پر ہوگا

اسلام آباد (یو این اے) ہائر ایجوکیشن کمیشن (ایچ ای سی) نے پاکستان بھر میں اپنے تمام دفاتر، گیسٹ ہاؤسز اور احاطوں کے کھلے مقامات پر سگریٹ نوشی کی تمام اقسام پر مکمل پابندی عائد کر دی ہے، جبکہ خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔ ایچ ای سی کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر میر ٹوریئس پروفیسر ڈاکٹر ضیاالحق نے اپنے پیغام میں کہا کہ صاف، صحت مند اور دھوئیں سے پاک ماحول کے فروغ کے لیے سب کو مل کر کام کرنا

(بقیہ 13 اندرونی صفحہ 3 پر)

دہشتگردوں کو ملک کے کسی کونے میں چھپنے کی جگہ نہیں ملے گی، محسن نقوی

بھارتی سپانسرڈ عناصر کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی کامیابیاں انتہائی قابلِ تحسین ہیں، پوری قوم فورسز کے ساتھ کھڑی ہے

وفاقی وزیرِ داخلہ کا بلوچستان میں دہشت گردوں کے خلاف کامیاب آپریشن پر سیکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیرِ داخلہ محسن نقوی نے بلوچستان میں بھارتی سپانسرڈ دہشت گردوں کے خلاف کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز پر سیکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین پیش کیا ہے۔ وزارت داخلہ سے جاری بیان کے مطابق محسن نقوی نے 9 دہشت گردوں کو جہنم واصل کرنے پر سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں، حکمتِ عملی اور جرات کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی سپانسرڈ عناصر کے

(بقیہ 21 اندرونی صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو سے اقوام متحدہ کے ادارہ برائے منشیات وجرائم یو این او ڈی سی اور یو این ڈی پی کا مشترکہ وفد ملاقات کر رہا ہے

سیکیورٹی فورسز کی بلوچستان میں کارروائیاں، فتنہ الہندوستان کے 9 دہشتگرد ہلاک

بلوچستان؛ سیکیورٹی فورسز کی کارروائیوں میں فتنہ الہندوستان کے 9 دہشت گرد ہلاک، صدر مملکت اور وزیر اعظم کا سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش

ضلع کچھی میں سیکیورٹی فورسز کے آپریشن کے دوران دہشت گردوں کے ٹھکانے کو تباہ کر دیا گیا شدید فائرنگ کے تبادلے میں 7 دہشت گرد جبکہ ضلع وڈھ میں دو دہشت گرد ہلاک کر دیئے گئے

راولپنڈی، اسلام آباد (جی این ایم) سیکیورٹی فورسز نے بلوچستان کے اضلاع میں انٹیلی جنس آپریشنز کے دوران فتنہ الہندوستان کے 9 دہشت گرد ہلاک کر دیئے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق 26 اکتوبر 2026 کو بلوچستان کے اضلاع کچھی اور وڈھ میں سیکیورٹی فورسز کے دو انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز میں بھارتی سرپرستی میں سرگرم فتنہ الہندوستان سے تعلق رکھنے

(بقیہ 14 اندرونی صفحہ 3 پر)

بوستان لنک روڈ پر فائرنگ چار افراد جاں بحق

فائرنگ کے محرکات اور ملزمان کے بارے میں تاحال مزید تفصیلات سامنے نہیں آسکیں

کوئٹہ (اے این این) بوستان لنک روڈ پر نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے اسرار گوال سمیت چار افراد جاں بحق ہوگئے۔ اطلاعات کے مطابق گوال سے تعلق رکھنے والے اسرار گوال اپنے ساتھیوں سمیت عدالت میں پیشی کے بعد گھر واپس جا رہے تھے کہ بوستان لنک روڈ پر نامعلوم افراد نے ان پر فائرنگ کر دی، جس کے نتیجے میں چاروں افراد موقع پر ہی جاں بحق ہوگئے۔ واقعے کے بعد علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا، جبکہ فائرنگ کے محرکات اور ملزمان کے بارے میں تاحال مزید تفصیلات سامنے نہیں آسکیں۔ بوستان لنک روڈ پر نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے اسرار گوال سمیت چار افراد جاں بحق ہوگئے۔ اطلاعات کے مطابق گوال سے تعلق رکھنے والے اسرار گوال اپنے ساتھیوں سمیت عدالت میں پیشی کے بعد گھر واپس جا رہے تھے کہ بوستان لنک روڈ پر نامعلوم افراد نے ان پر فائرنگ کر دی، جس کے نتیجے میں چاروں افراد موقع پر ہی جاں بحق ہوگئے۔ واقعے کے بعد علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا، جبکہ فائرنگ

(بقیہ 20 اندرونی صفحہ 3 پر)

مشرقِ وسطیٰ میں کشیدگی، مصر اور سعودی عرب کا رابطے اور تعاون جاری رکھنے پر اتفاق

قاہرہ (جی این ایم) مشرقِ وسطیٰ میں بڑھتی ہوئی کشیدگی کے تناظر میں مصر اور سعودی عرب نے قریبی رابطہ اور باہمی تعاون جاری رکھنے پر اتفاق کیا ہے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق مصری وزارت خارجہ کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ دونوں ممالک کے وزرائے خارجہ کے درمیان رابطے میں علاقائی صورتحال اور تازہ پیش رفت پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ دونوں رہنماؤں نے موجودہ بحران پر قابو پانے اور خطے میں کشیدگی کو مزید بڑھنے سے روکنے کے لیے کوششوں پر بھی بات چیت کی۔ مصر اور سعودی عرب نے علاقائی امن و استحکام کے فروغ کے لیے باہمی

(بقیہ 19 اندرونی صفحہ 3 پر)

وزیراعلیٰ نے ڈھابے پر کام کرنے والے یتیم بچے اور اس کے اہل خانہ کی کفالت کی ذمہ داری اٹھالی

وزیراعلیٰ نے منیر احمد سمیت پانچوں بہن بھائیوں کو تعلیمی اداروں میں داخل کرانے کا حکم دے دیا

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والی ویڈیو کے ذریعے توجہ حاصل کرنے والے ڈھابے پر کام کرنے والے یتیم بچے منیر احمد سمیت پانچ بہن بھائیوں اور ان کی والدہ کی مکمل کفالت کی ذمہ

(بقیہ 15 اندرونی صفحہ 3 پر)

مولانا ہدایت الرحمان بلوچ کا انڈس ہسپتال گوادر کا دورہ

صحت عامہ کی موثر فراہمی کے ساتھ ملازمین کے جائز مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں

گوادر (خ ن) رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے آج رات انڈس ہسپتال گوادر کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے ہسپتال کے مختلف وارڈز کا معائنہ کیا اور زیر علاج مریضوں اور ان کے لواحقین سے ملاقات کر کے خیریت دریافت کی۔

(بقیہ 18 اندرونی صفحہ 3 پر)

ایران کا قطر سے ثالثی کے تقاضوں پر عمل اور محتاط بیانات کا مطالبہ

تہران (جی این ایم) ایران کی وزارت خارجہ کے ایک سینئر اہلکار نے قطر پر زور دیا ہے کہ وہ اپنی ثالثی کی ذمہ داریوں کے تقاضے پورے کرے اور عوامی بیانات دیتے وقت زیادہ احتیاط سے کام لے۔ سرکاری خبر رساں ایجنسی ارنا کے مطابق، ایرانی وزارت خارجہ کے شعبہ تعلقات عامہ کے سربراہ محمود مالکی کا یہ ردِعمل قطری وزارتِ خارجہ کے شعبہ مواصلات کے ڈائریکٹر ابراہیم الہاشمی کے حالیہ بیان کے جواب میں سامنے آیا ہے۔ قطری عہدیدار نے کہا تھا کہ قطر اور خلیج تعاون کونسل کے دیگر رکن ممالک متعدد بار علاقائی سلامتی کے فریم ورک کے

(بقیہ 17 اندرونی صفحہ 3 پر)

قومی اسمبلی میں مولانا فضل الرحمٰن کی تقریر کی نشریات روکنے پر جے یو آئی کی شدید برہمی

دلیل اور موثر موقف کا جواب بلیک آؤٹ سے دینا جمہوری اقدار اور آزادیٔ اظہار کے منافی ہے، سینیٹر مولانا عبدالواسع

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علما اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے قومی اسمبلی میں قائد جمعیت مولانا فضل الرحمٰن کی تقریر کے دوران مبینہ طور پر آواز بند کرنے اور براہ راست نشریات روکنے کے اقدام پر سخت برہمی اور تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ دلیل اور مؤثر سیاسی موقف کا جواب بلیک آؤٹ کے ذریعے دینا جمہوری اقدار اور آزادی اظہار کے منافی ہے۔ اپنے بیان میں سینیٹر مولانا عبدالواسع نے کہا کہ اسپیکر قومی اسمبلی کی جانب سے مولانا فضل الرحمٰن کا نام لیے جانے کے فوراً بعد آواز بند ہونے اور قومی اسمبلی کی لائیو کوریج رکنے کے معاملے پر سنجیدہ سوالات جنم لیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قائد جمعیت کی دلیل کی قوت اتنی روشن ہے کہ طاقت ان کا سامنا کرنے سے قاصر ہے۔ انہوں نے کہا کہ کسی سیاسی رہنما کی تقریر کی نشریات روکنے سے اس کا مقف عوام تک پہنچنے سے نہیں روکا جا سکتا۔ پارلیمان عوامی نمائندگی کا سب سے بڑا فورم ہے، جہاں منتخب نمائندوں کو اپنی بات کہنے اور عوام تک اپنا مقف پہنچانے کا مکمل

(بقیہ 16 اندرونی صفحہ 3 پر)

جامعہ گوادر اور نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف میری ٹائم افیئرز پاکستان کے درمیان تعلیمی و تحقیقی تعاون پر اتفاق

جامعہ گوادر کے طلبہ کو NIMA پاکستان میں انٹرن شپ کے مواقع فراہم کیے جائیں گے

گوادر (خ ن) جامعہ گوادر اور نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف میری ٹائم افیئرز پاکستان نے تعلیمی و تحقیقی تعاون کو فروغ دینے پر اتفاق کیا ہے، جس میں بالخصوص بلیو اکانومی، چین پاکستان اقتصادی راہداری اور میرین بائیوٹیکنالوجی پر توجہ دی جائے گی۔ اس سلسلے میں دونوں اداروں کے نمائندوں کے درمیان آن لائن اجلاس منعقد ہوا۔ جامعہ گوادر کی جانب سے رجسٹرار ڈاکٹر دولت خان، ڈپٹی رجسٹرار عبدالماجد کے علاوہ شعبہ کیمسٹری کی لیکچرر سنگین ولید، شعبہ زولوجی کی لیکچرر رتیقہ بلوچ اور شعبہ اکنامکس کی چیئرپرسن شع سلیمان نے شرکت کی، جبکہ NIMA پاکستان کی نمائندگی ڈائریکٹر کمانڈر اویس انور، ڈپٹی ڈائریکٹر لیفٹیننٹ کمانڈر ڈاکٹر وقاص اور تحقیقی عملے نے کی۔ اجلاس کا اہم فیصلہ جامعہ گوادر کے طلبہ کو NIMA پاکستان میں انٹرن شپ کے مواقع فراہم کرنا تھا، جس کے ذریعے طلبہ کو بحری امور، بلیو اکانومی، سی پیک سے

(بقیہ 22 اندرونی صفحہ 3 پر)

چار ملکی اجلاس خطے میں امن و سلامتی کیلئے اہم موقع ہے، عباس عراقچی

خطے میں پائیدار امن وسلامتی کے لیے صرف مذاکرات کافی نہیں، بلکہ باہمی احترام اور ٹھوس وعدوں کے ذریعے تعاون کو آگے بڑھانا ہوگا

اس سفارتی پیش رفت کو دیرپا تعاون میں تبدیل کرنے کے لیے مشترکہ اصولوں پر اتفاق، اعتماد سازی اور ایک دوسرے کی خودمختاری کا احترام ضروری ہے

تہران (اے این این) ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا ہے کہ تہران میں ایران، سعودی عرب، پاکستان اور ترکیہ کے درمیان چار ملکی اجلاس خطے میں امن وسلامتی کے لیے مذاکرات آگے بڑھانے کا اہم موقع تھا۔ ایرانی خبر رساں ادارے ارنا کے مطابق عباس عراقچی نے بدھ کو انسٹاگرام پر جاری بیان میں کہا کہ چاروں ممالک کا مشاورت کا عمل جاری رکھنے پر اتفاق اہم پیش رفت ہے۔ عباس عراقچی نے زور دیا کہ اس سفارتی پیش رفت کو دیرپا تعاون میں تبدیل کرنے کے لیے مشترکہ اصولوں پر اتفاق، اعتماد سازی اور ایک دوسرے کی خودمختاری کا احترام ضروری ہے۔ ایرانی وزیر خارجہ نے کہا کہ خطے میں پائیدار امن وسلامتی کے لیے صرف مذاکرات کافی نہیں، بلکہ باہمی احترام اور ٹھوس وعدوں کے ذریعے تعاون کو آگے بڑھانا ہوگا۔ انہوں نے علاقائی ممالک کے درمیان مسلسل رابطوں اور اعتماد کی فضا قائم رکھنے پر بھی زور دیا تاکہ امن و سلامتی کے مشترکہ مقاصد حاصل کیے جاسکیں۔ ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا ہے

(بقیہ 23 اندرونی صفحہ 3 پر)

کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ کا لورالائی ٹیچنگ ہسپتال کا تفصیلی دورہ اور انتظامات کا جائزہ

ڈاکٹرز اور طبی عملے کی بروقت حاضری کو ہر صورت یقینی بنایا جائے اور مریضوں کو بہتر سہولیات فراہم کریں

لورالائی (خ ن) کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ نے لورالائی ٹیچنگ ہسپتال کا تفصیلی دورہ کیا، جہاں انہوں نے ہسپتال میں مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، ڈاکٹرز و طبی عملے کی حاضری، صفائی ستھرائی، ادویات کی دستیابی اور دیگر انتظامی امور کا تفصیلی جائزہ لیا دورے کے موقع پر میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر نقیب اللہ نیازی، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر فہیم خان اور ڈپٹی ایم ایس ڈاکٹر زین اللہ کاکڑ بھی ان کے ہمراہ تھے کمشنر ولی محمد بڑیچ نے ہسپتال کے مختلف وارڈز، ڈاکٹرز کے او پی ڈی رومز، لیبارٹری، آپریشن تھیٹر، ایم آر آئی، سی ٹی اسکین سینٹر، ادویات سنٹر، ہسپتال میں قائم کنٹرول روم اور پانی کے بور سمیت مختلف شعبہ جات کا معائنہ کیا۔ انہوں نے متعلقہ حکام سے ہر شعبے کی کارکردگی، دستیاب سہولیات، مریضوں کو درپیش مشکلات اور ان کے حل کے لیے کیے گئے اقدامات کے بارے میں تفصیلی بریفنگ حاصل کی کمشنر نے

(بقیہ 24 اندرونی صفحہ 3 پر)

ضلع بارکھان، بلیک ٹاپ سڑک کی تعمیر کا کام تیزی سے جاری

سڑک کی تعمیر سے علاقے میں سفری سہولیات کی بہتری اور تجارتی سرگرمیوں کو فروغ ملنے کی توقع ہے

بارکھان (خ ن) ضلع بارکھان میں این-70 بیوانٹا تا داداحاجی روڈ فیز ون کے تحت بلیک ٹاپ (بی ٹی) سڑک کی تعمیر کا کام تیزی سے جاری ہے۔ منصوبے پر تعمیراتی سرگرمیاں ایگزیکٹو انجینئر روڈز، محکمہ مواصلات و تعمیرات ضلع بارکھان کی نگرانی میں جاری ہیں، جس کا مقصد علاقے میں سڑکوں کے بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنانا اور عوام کو آمدورفت کی بہتر سہولیات فراہم کرنا ہے۔ یہ اہم ترقیاتی منصوبہ علاقے میں سفری سہولیات کی بہتری، رابطہ سڑکوں کے نظام کو مضبوط بنانے اور مقامی آبادی کو درپیش سفری مشکلات میں کمی لانے کے حوالے سے خصوصی اہمیت رکھتا ہے۔ سڑک کی تعمیر سے نہ صرف آمدورفت میں آسانی پیدا ہوگی بلکہ مقامی لوگوں کو مختلف علاقوں تک رسائی میں بھی سہولت میسر آئے گی۔ منصوبے کی تکمیل سے علاقے میں سفری وقت اور مشکلات میں کمی آنے کے ساتھ ساتھ تجارتی سرگرمیوں اور عوامی نقل و حرکت کو بھی

(بقیہ 25 اندرونی صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل مسلم اسٹوڈنٹس فیڈریشن کے زیر اہتمام منعقدہ پروگرام کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

اسسٹنٹ کمشنر اورماڑہ کا چار سرکاری اسکولوں کا دورہ، تعلیمی سرگرمیوں کا جائزہ

اسکولوں کے مسلسل دوروں کا مقصد تعلیمی معیار کی بہتری اور تدریسی عمل کو موثر بنانا ہے، ڈاکٹر ماہ نور بارکت

اورماڑہ (خ ن) صوبائی حکومت کی تعلیم دوست پالیسی کے تحت سرکاری تعلیمی اداروں میں معیارِ تعلیم کی بہتری اور تعلیمی نظم و ضبط کو یقینی بنانے کے لیے اسسٹنٹ کمشنر اورماڑہ ڈاکٹر ماہ نور بارکت نے مزید چار سرکاری اسکولوں کا دورہ کیا۔ انہوں نے گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول اسلامیہ لین، گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول جونالین، گورنمنٹ گرلز مڈل اسکول کوہ بن اور گورنمنٹ بوائز پرائمری اسکول کوہ بن میں تعلیمی سرگرمیوں اور دستیاب سہولیات کا جائزہ لیا اور اساتذہ کی حاضری، طلبہ کے داخلوں، تدریسی عمل، بنیادی ڈھانچے اور مجموعی تعلیمی ماحول کا معائنہ کیا گیا۔ ان دوروں کا مقصد تعلیمی اداروں کی کارکردگی کی نگرانی، تدریسی عمل کو موثر بنانا اور طلبہ کو معیاری تعلیم کی فراہمی کے لیے سازگار ماحول یقینی بنانا ہے۔ اسسٹنٹ کمشنر ڈاکٹر ماہ نور بارکت کی جانب سے سرکاری اسکولوں کے مسلسل دورے تعلیمی شعبے میں نگرانی کے عمل کو موثر بنانے اور تعلیمی معیار کی بہتری کے لیے جاری کوششوں کا حصہ ہیں، تاکہ طلبہ کی تعلیمی ضروریات پر توجہ دیتے

(بقیہ 26 اندرونی صفحہ 3 پر)

امر بالمعروف و نہی عن المنکر ۔۔۔ اچھائی کی طرف اطلاع کرنا اور برائی سے بچانا
روزنامہ
Daily ETLA-E-AAM Quetta
اطلاع عام
کوئٹہ
چیف ایڈیٹر: محمد عمر
E-mail Etlaeaam2010@gmail.com

چیف ایڈیٹر محمد عمر نے
الکریم پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر
نیوز افغان روڈ کوئٹہ سے شائع کیا
فون نمبرز 081-2820055 , 081-2453865
فیکس نمبر: 081-2828245
Email:Etlaeaam2010@gmail.com

نئے صوبوں کی بحث

سندھ اسمبلی نے نئے انتظامی یونٹوں کے قیام کے خلاف نثار احمد کھوڑو کی پیش کردہ قرارداد کثرتِ رائے سے منظور کر لی ہے۔ قرارداد کے متن میں واضح کیا گیا کہ سندھ ایک ہے اور ایک ہی رہے گا، اس کے کسی ضلعے، ڈویژن یا علاقے کو الگ کرنے کا منصوبہ قابلِ قبول نہیں ہے۔ قرارداد میں تقسیم یا حدود میں تبدیلی کی ہر تجویز مسترد کرتے ہوئے کہا گیا کہ سندھ کا کوئی حصہ الگ یا وفاقی انتظام کے تحت نہیں دیا جا سکتا، اِس کی وحدت اور علاقائی سلمیت پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، سندھ کی حدود میں تبدیلی پر اسمبلی اپنا آئینی اختیار استعمال کرے گی۔ متن کے مطابق وفاق کی تمام اکائیوں کے آئینی حقوق کا احترام کیا جانا چاہئے، وفاق کی تشکیلِ نو سے متعلق ہر بحث آئین اور عوامی رضا مندی کے مطابق ہونی چاہئے۔ قرارداد میں باور کیا گیا کہ تمام سیاسی جماعتوں کو سندھ کے عوام کے جمہوری فیصلے کا احترام کرنا چاہئے کیونکہ اس کی تاریخی، آئینی اور علاقائی شناخت کا تحفظ سیاسی وابستگیوں سے بالاتر ہے۔ ایوان سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ سندھ نے کہا کہ صوبے کے مستقبل کا فیصلہ کہیں اور بیٹھ کر نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے قومی اسمبلی کو خبردار کیا کہ سندھ کی تقسیم کی بات نہ کی جائے اور زور دیا کہ اِس بارے میں ہر فیصلہ صوبے میں ہی میں ہونا چاہئے۔ اُنہوں نے ایک ٹی وی پروگرام میں صوبوں کی تقسیم کے معاملات پر ہونے والی گفتگو کو غیر متعلقہ فورم پر بحث قرار دیتے ہوئے تشویش کا اظہار کیا اور سوال اُٹھایا کہ کیا اب کوئی ارب پتی بزنس مین نئے صوبوں کا فیصلہ کرے گا؟ متحدہ قومی موومنٹ (ایم کیو ایم) کے کردار پر تنقید کرتے ہوئے اُن کا کہنا تھا کہ یہ لوگ یہاں اسمبلی میں سندھ کی تقسیم کی مخالفت کا دعویٰ کرتے ہیں اور باہر نئے انتظامی یونٹ بنانے کی بات کرتے ہیں، یہ تو دوغلا پن ہے۔ اُنہوں نے یہ بھی کہا کہ محض آبادی کو نئے صوبوں کی بنیاد نہیں بنایا جا سکتا، اگر مقصد گورننس کی بہتری ہے تو انتظامی اصلاحات پر بات ہونی چاہئے، اختیارات کی نچلی سطح پر منتقلی کے لئے اسمبلی میں بحث ہوسکتی ہے لیکن اِسے سندھ کی تقسیم سے نہیں جوڑنا چاہئے۔ اُنہوں نے کہا کہ ضرورت پڑنے پر صوبے میں مزید اضلاع اور انتظامی یونٹس بنائے جا سکتے ہیں، اس کے ساتھ ساتھ مقامی حکومتوں کو مضبوط بنانے کے لئے قانون میں ترامیم لائی جا رہی ہیں۔ سندھ اسمبلی کے قائد حزبِ اختلاف علی خورشیدی نے ردِعمل دیتے ہوئے قرارداد کو ڈھکوسلا قرار دیا اور کہا یہ ایوان پہلے بھی کئی بار سندھ کی تقسیم کو مسترد کر چکا ہے، پھر یہ بار بار کیوں پیش کی جاتی ہے۔ اپوزیشن لیڈر نے وضاحت کی کہ ایم کیو ایم سندھ کی تقسیم نہیں بلکہ 18 ویں ترمیم کے تحت ڈویژنوں کو اختیارات کی منتقلی چاہتی ہے۔ اُن کا مزید کہنا تھا کہ پیپلز پارٹی کی جمہوریت وفاق سے شروع ہو کر سندھ میں ختم ہو جاتی ہے، ون یونٹ کے قیام کے وقت بھی سندھ اسمبلی کے 102 میں سے 98 اراکین نے اِس کے حق میں ووٹ دیا تھا۔ ان کا کہنا تھا کہ پیپلز پارٹی اپنی بیڈ گورننس کو چھپانے کے لئے تحریکِ التواء لا رہی ہے۔ تقریر کے بعد وہ ایم کیو ایم اراکین کے ہمراہ ایوان سے واک آوٹ کر گئے۔ سندھ کی تقسیم کو مسترد کرنے والی قرارداد سے یہی تاثر ملتا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی (پی پی پی) صوبے پر اپنی سیاسی گرفت قائم رکھنا چاہتی ہے، اِس کے لئے وہ متحد اور یکسو ہے۔ ہوسکتا ہے کہ وہاں کے عوام بھی اپنی تاریخی شناخت میں کسی تقسیم کو قبول کرنے پر تیار نہ ہوں۔ غالب امکان ہے کہ سندھ اسمبلی نے یہ قرارداد اس لئے منظور کی ہے تاکہ وفاق کو واضح پیغام دیا جا سکے کہ اس کی طرف سے ایسی کوئی بھی کوشش کارِعبث ہوگی کیونکہ آئین کے تحت صوبائی حدود میں تبدیلی یا تقسیم کے لئے متعلقہ اسمبلی کی دو تہائی اکثریت سے منظوری مشروط ہے۔ وزیراعلیٰ سندھ نے اپنی تقریر میں گورننس کی خرابی کا اعتراف کرتے ہوئے توجہ دلائی کہ اِس کا حل صوبے کی تقسیم کے بجائے بااختیار مقامی حکومتوں کے قیام میں مضمر ہے۔ گورننس کے مسائل کو حل کرنے کے لئے ضروری ہے کہ اختیارات کو نچلی سطح تک منتقل کیا جائے۔ تاریخ اِس بات کی گواہ ہے کہ اختیار جب بھی چند ہاتھوں میں سمٹتا ہے تو انتظامی ابتری ہی جنم لیتی ہے۔ پورا یورپ اِس تجربے سے گزر کر ہی مقامی حکومتوں کو بااختیار بنانے پر متفق ہوا اور آج دنیا میں ترقی کا استعارہ گردانا جاتا ہے۔ فرانس میں بلدیاتی نظام کو مضبوط بنا کر ہی گورننس کے مسائل پر قابو پایا گیا، سنگاپور میں بھی بااختیار مقامی حکومتیں امورِ مملکت بہترین انداز میں چلا رہی ہیں جبکہ چین میں بھی یہ ماڈل کامیابی سے جاری ہے۔ برٹیلسمین ٹرانسفارمیشن انڈیکس (بی ٹی آئی) 2026ء کی رپورٹ میں گورننس کے لحاظ سے پاکستان 142 ممالک میں سے 129 ویں نمبر پر ہے جبکہ ٹرانسپرنسی انٹرنیشنل کے گورننس ڈسٹرکٹ انڈیکس 2024ء میں 180 میں سے 133 ویں نمبر پر ہے۔ اِن بین الاقوامی اشاریوں میں خرابی کی ایک بنیادی اور اہم وجہ یہی بتائی گئی ہے کہ طاقتور صوبائی حکومتیں اپنے اقتدار کو برقرار رکھنے کے لئے اختیارات نیچے منتقل نہیں ہونے دیتیں جس سے عوامی مسائل گمبھیر ہوتے چلے جاتے ہیں لیکن اِس کے باوجود ہمارے اہلِ سیاست اِس مسئلے پر کان دھرتے نظر نہیں آتے۔ نئے صوبے اور اُن کی خواہش اپنی جگہ لیکن جو بھی کرنا ہے وہ آئین کے اندر رہتے ہوئے ہی کرنا ہوگا۔ نئے صوبے بنانا آسان کام نہیں ہے، تمام صوبوں کا اس پر اتفاق کرنا شائد ممکن نہ ہو لیکن سب مل جل کر موجودہ نظام میں بہتری لا سکتے ہیں لیکن اِس طرف کوئی توجہ دینے کو تیار نہیں ہے۔ بااختیار ضلعی نظام گورننس میں بہتری کے لئے ریڑھ کی ہڈی کا کردار ادا کرسکتا ہے

بیمار معاشرہ اور یتیم بچہ عرضِ تمنا

dilawarch25@gmail.com

ہم ایک بار اعتراف کرہی کیوں نہیں لیتے کہ جس رفتار سے بہت سے مسائل ہمارے معاشرے میں "دن دوگنی رات چوگنی ترقی" کر رہے ہیں اسی طرح ہم بہت تیزی سے ایک بیمار

محمد دلاور چوہدری

معاشرے کے "اہداف" بھی بڑی "کامیابی" سے حاصل کرتے چلے جا رہے ہیں۔ ہماری غالب اکثریت کو فوری نفسیاتی علاج کی ضرورت ہے عجب ہے کہ ہمارے ہاں موجودہ "قانونی سہولتوں" کے باعث ظلم کرنے والا اور ظلم سہنے والا دونوں ہی اپنے حساب سے پر اعتماد دکھائی دیتے ہیں بس دونوں کے اعتماد میں 180 ڈگری کا فرق ہوتا ہے۔ یعنی ظالم کو اعتماد ہوتا ہے کہ وہ کچھ بھی کرلے، کسی مظلوم کو رسیوں سے باندھ کر مارے یا کسی "یتیم نابالغ" پر گاڑی چڑھا دے بچ نکلے گا۔ تمام "قانون چارہ جوئی" آخر میں اس کے حق میں ہی ہوگی اور یہ "انکشاف" ہو جائے گا کہ جو کچھ تھا بس ایک حادثہ تھا اور کچھ بھی نہیں تھا۔ دوسری طرف مظلوم کو یہ "اعتماد" ہوتا ہے کہ اس کیلئے کہیں سے بھی کوئی بھی "تسلی بخش قانونی مدد" نہیں آئے گی اس نے یہ قانونی جنگ ہارنی ہی ہارنی ہے اس لئے پوری "قانونی چادر" اوڑھنا تو اس کے بس میں نہیں ہوسکتا لہٰذا اسے چاہئے کہ وہ لپک کر کسی طرح کوئی "قانونی کونہ" ہی پکڑ لے تاکہ اس سے "آہ و فریاد کی" کسی قدر رخصت میسر آجائے۔ ہمارے معاشرے کا ہر چلن عجیب اور ہر چال بے ڈھنگی سی ہوتی چلی جا رہی ہے بالکل جارج آرویل کے ناول "1984" کی اس سیاسی پارٹی کی طرح جس کے تین نعرے تھے۔ ان میں سے پہلا تھا "جنگ ہی امن ہے"۔ وہ یوں کہ سرحدوں پر جنگ رہے تو اندر امن رہتا ہے۔ دوسرا "آزادی دراصل غلامی ہے" کیونکہ "اگر آپ کو سونے کیلئے جگہ اور آزاد چھوڑ دیا جائے تو آپ کنفیوژن کا شکار ہو سکتے ہیں لیکن اگر آپ "پارٹی" کے آگے سرنڈر کر دیں تو آپ محفوظ رہ سکتے ہیں" تیسرا نعرہ "جہالت طاقت ہے" دراصل اس کے مطابق اگر لوگ تاریخ اور حقائق کو بھول جائیں گے تو "مکالمہ" بھی نہیں کریں گے اور نہ جانا پارٹی کو مضبوط بنائے گا یعنی آبادی جتنی "خاموش" ہوگی ریاست اتنی ہی مضبوط ہو جائے گی۔ ہم انصاف چاہتے ہیں لیکن صرف اپنے لئے، سڑکوں پر ہارن بجا بجا کر خود بھی ہلکان ہو جاتے ہیں اور دوسروں کو بھی کر دیتے ہیں کیونکہ ہمیں راستہ چاہئے لیکن صرف اپنے لئے... ہمیں شیشے کی طرح چمکتا گھر چاہئے لیکن سڑکیں، محلے اور گلیاں ہماری پھینکی ہوئی غلاظت کا منہ بولتا نمونہ بنی رہتی ہیں۔ ہمیں میرٹ چاہئے لیکن یہ اس صورت میرٹ کی تعریف پر پورا اترے گا جب ہمیں یا ہمارے کسی قریبی رشتہ دار کو سلیکٹ کیا جائے گا کوئی بھی معاملہ ہو ہم میں سے کوئی بھی نہیں ہارتا یا تو ہم جیت جاتے ہیں یا پھر دھاندلی ہو جاتی ہے۔ کامیابیاں ہماری ذاتی کاوشوں کا ثمر ہوا کرتی ہیں اور ناکامیوں کی وجہ ہمیشہ دوسرے ہوا کرتے ہیں سب کی رائے غلط اور صرف ہماری درست ہوا کرتی ہے۔ نفسیاتی مسائل اور قانون کی عملداری کا فقدان ہمارے رویوں میں شدت پسندی پیدا کرتا چلا جا رہا ہے اتنی شدت پسندی کہ ہم چھوٹی سی بات پر بھی کسی کمزور کے مقابلے میں فوراً قانون ہاتھ میں لینے میں کوئی عار محسوس نہیں کرتے اور تو اور کسی "یتیم نابالغ" کو گاڑی کے تلے روندنا بھی پڑے تو کوئی ہچکچاہٹ ہمارے دامن گیر نہیں ہوتی۔ یہ سب اس لئے بھی ہوتا ہے کہ ہمارے "قانونی دروازوں" کے پیچھے فرانز کافکا کے افسانے The"Before Law" کی طرح سنگلاخ چٹانیں ہوا کرتی ہیں اور قانون کے یہ دروازے کبھی کبھار مظلوموں کیلئے کھل جائیں تو بھی سر سنگلاخ چٹانوں سے ٹکرا کر پاش پاش ہو جایا کرتے ہیں۔ پر جیسے ہسپتال جو مسیحائی کے مرکز ہونے چاہئے وہاں سے معصوموں کے جنازے اٹھ جائیں تو ہماری "صحت" پر ایک دو روز سے زیادہ اثر نہیں پڑتا، پشاور کے کسی سکول کی چھت گرے یا کالامہ میں ٹیوشن سنٹر زمین بوس ہو کر ہمارا آشیانہ مستقبل کے معماروں کو اپنی آغوش میں لیکر موت کے سفر پر روانہ کر دے، ہمیں کوئی خاص فرق نہیں پڑتا، چند لوگوں کو سزائیں اور اگر بڑے لوگ ملوث نہ ہوں تو انصاف کے نظام پر سوالیہ نشان "مقابلے" پھر سب ویسے ہی رواں دواں سارے "پنجرے" "سکول" اور ٹیوشن سنٹر حادثوں کے ویسے کے ویسے ہی منتظر اور ہماری "خون آلود سڑکیں ناتوانوں کو کچلنے کیلئے اسی طرح بے قرار... ہم کون لوگ ہیں؟ یہ تو پوچھا جا سکتا ہے لیکن کیا ہم انسان بھی ہیں یہ پوچھنا شاید اب ممکن نہ رہا ہو۔ کسی سکول کی چھت کا گرنا، ہسپتال کا "ماتم کدہ" بن جانا اور سڑکوں پر "یتیموں" پر گاڑی چڑھا دینا محض انفرادی واقعات نہیں بلکہ یہ اجتماعی نفسیاتی الجھنوں کی پیداوار ہوتے ہیں اور ان کے دوررس اثرات مرتب ہوا کرتے ہیں ایسے واقعات معاشرے کی نمایاں اکثریت کو سہمی سی زندگی گزارنے پر مجبور کر دیتے ہیں بے چارگی کا احساس بڑھا دیتے ہیں اور وہ شدت سے سوچنے لگتے ہیں کہ واقعی "شیشوں کا مسیحا" کوئی نہیں ہوا کرتا۔ کیا ہم اندازہ کر سکتے ہیں کہ جا بجا بکھرے ہمارے یہ "کارنامے" کس قدر انتہا پسندی بھر رہے ہیں اتنی تو ضرور جو کسی بھی اچھے بھلے معاشرے کو ڈگمگانے پر مجبور کر دے۔ جن معاشروں میں اجتماعی طور پر عزتِ نفس کا خاطر خواہ خیال رکھ کر لوگوں کے "اعتماد" میں اضافہ نہیں کیا جاتا وہ اندر سے کھوکھلے درختوں کی طرح ہو جایا کرتے ہیں اور طوفانوں کے مقابلے کی "عادت" چھوڑ جاتے ہیں۔ بات عزتِ نفس کی چلی ہے تو ایسے ہی عائشہ جلال کی کتاب "The EnlightenedMuslim Asia'SouthinThought" میں درج مرزا غالب سے متعلق ایک اقتباس یاد آ گیا۔ آپ بھی سنیئے......"غالب دہلی میں کافی آرام دہ زندگی گزار رہے تھے جس کی وجہ سے وہ "جنگِ آزادی" کو ناپسند کرتے تھے یہ غالب کیلئے ذاتی طور پر ایک تباہی ثابت ہوئی اس نے نہ صرف مغلیہ دربار سے ان کی تنخواہ بند کرا دی بلکہ ایسٹ انڈیا کمپنی انتظامیہ کی جانب سے ان کے خاندانی اشرافیہ ہونے کی وجہ سے ملنے والی پنشن بھی رکوا دی لیکن ان مادی وسائل سے محروم کر عزتِ نفس ایسا بنیادی عنصر بھی تھا جسے وہ نوآبادیاتی حکمرانوں کے نئے خیالات قبول کرنے کے باوجود ترک نہ کر سکے ایک مرتبہ جب دہلی کالج میں فارسی پڑھانے کی ملازمت کیلئے ان کا انٹرویو ہونا تھا تو انگریز افسر کا خود باہر آ کر ان کا استقبال نہ کرنا غالب کو اس قدر ناگوار گزرا کہ وہ گھر واپس لوٹ گئے یہ ان کیلئے ایک ایسا کھویا ہوا موقع تھا کہ جس کے ذریعے وہ نوآبادیاتی حکمرانوں کے ساتھ جستجو پسند اور وسیع الذہن روابط استوار کر سکتے تھے۔ انگریز حکام میں سے کئی ان کے شاگرد بھی تھے کالج کے قابل اساتذہ اور طلبہ کے ساتھ براہ راست میل جول کا تجربہ غالب کو علم کی نئی دنیاؤں سے روشناس کرا سکتا تھا اور شاید ان کی شاعری کو بھی ایک نیا رخ دے سکتا تھا" واقعہ بتاتا ہے کہ غالب عزت نفس کا سودا کر کے بلند مقام حاصل کر سکتے تھے لیکن پھر شاید وہ غالب نہ بن سکتے نہ غالب آ سکتے بلکہ نوآبادیاتی آقاؤں کا ایک پرزہ بن کر رہ جاتے۔ ہم روزانہ بنیاد ظلم کو بڑھاوا دیکر میرٹ کی دھجیاں اڑا کر قانون سے "کھیل" کرنہ جانے کتنے "غالب" کتنے میر اور کتنے دوسرے علوم پر دسترس کی صلاحیت والوں کے مستقبل کو ان کی عزت نفس سمیت اپنی خواہشوں کے پاؤں تلے روند کر مار رہے ہیں اور ہمیں ملال تک نہیں۔ کسی بھی معاشرے میں توازن کی بنیادی اکائی "انصاف" ہوا کرتا ہے۔ ترقی اور توانائی کا گلا گھونٹنا ہو تو بڑے آرام سے وہاں میرِ انصاف کا گلا گھونٹ دیں سب کچھ ختم ہو جائے گا۔ جو جسم چلتے پھرتے دکھائی دے رہے ہوں گے ان کے انگ انگ سے یہ جملہ بھر رہا ہو گا کہ "یہ جینا بھی کوئی جینا ہے" آخر میں عائشہ جلال کی ذکر کردہ کتاب سے ہی لئے گئے غالب کی اردو نظم کے کچھ اشعار سلسلے الفاظ میں پیش ہیں: آج ہر انگریز سپاہی ایک آمر ہے

گھر سے بازار تک جانے میں ہی دل بیٹھتا ہے
جو کچھ میدانِ عام کہلاتا ہے وہی مقتل بنا ہوا ہے
میرا گھر قید خانہ بن چکا ہے

سانحے سے بڑا سانحہ ہو گیا

دو دن سے یہی سوچ رہا ہوں یہ "انتہائی نگہداشت" کا مطلب کیا ہوتا ہے، کیا یہی مطلب ہوتا ہے جس کا مظاہرہ پمز کے نگہداشت وارڈ میں دیکھا گیا؟ انتہائی نگہداشت تو یہ ہوتی ہے کہ ہر لحاظ سے ایک محفوظ اور ہر خطرے سے مبّرا ایک ایسی فضا جس میں غلطی کا امکان تک موجود نہ ہو۔ آگ شارٹ سرکٹ سے لگی یا اے سی کی گیس خارج ہونے سے، سوال تو یہ ہے کہ ان چیزوں کو پہلے کیوں نہیں دیکھا گیا، کیا پمز میں کوئی خاص قسم کی وائرنگ تھی یا ائر کنڈیشنگ کا نظام تھا۔ ان دونوں شعبوں کے بیسیوں افراد ہسپتال میں تعینات ہوں گے، پھر انہوں نے انہیں فول پروف محفوظ کیوں نہیں بنایا، چلیں مان لیتے ہیں کہ اس کے باوجود حادثے کا امکان تو رہتا ہے اس امکان سے نمٹنے کی کیا حفاظتی تدابیر بنائی گئی تھیں وہ کیوں کام نہیں آئیں اور معصوم بچے آگ کی نذر ہو گئے۔ اس سے زیادہ سنگین غفلت اور کیا ہوسکتی ہے کہ نگہداشت وارڈ سے ایمرجنسی کی صورت میں نکلنے کے راستے ہی بند تھے۔ پمز کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر کی یہ بات ہی انہیں برطرف کرنے کے لئے کافی ہے کہ یہ دروازے اس لئے بند رکھے جاتے ہیں کہ بچے چوری ہونے کی شکایات سامنے آئی ہیں۔ کیا چوری ہونے سے بچانے کے لئے واحد راستہ یہی تھا کہ دروازوں کو تالے لگا دیئے جائیں۔ کیا اس مقصد کے لئے گارڈز نہیں بٹھائے جا سکتے تھے، پھر وارڈ کے اندر طبی عملہ جن میں نرسیں خاص طور پر شامل ہیں، بچوں کی حفاظت نہیں کرسکتی تھیں۔ سوال تو یہ بھی ہے کہ جب یہ آگ بھڑکی تو وارڈ کے ڈاکٹر، نرسیں، پیرا میڈیکل سٹاف کہاں تھے۔ وہ کیسے بھاگ گئے، وہ ایک ایک بچہ بھی اٹھاتے تو کئی بچوں کی جان بچائی جا سکتی تھی۔ حقیقت یہ ہے کہ واقعہ بلکہ سانحہ ایک بڑے انسانی المیے ہی کو ظاہر نہیں کرتا بلکہ بہت بڑی انسانی غفلت کا بھی جیتا جاگتا ثبوت ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے وہی کیا ہے جو اکثر پولیس افسر عوام کا غصہ ٹھنڈا کرنے کے لئے کرتے ہیں، ایک ایس ایچ او معطل اور دو چار سپاہی گرفتار کرا دیئے۔ آناً فاناً وفاقی سیکرٹری صحت کو معطل کر دیا گیا۔ کیا مذاق ہے کہ جو پمز کے اندر انتظامی عہدوں پر بیٹھے ہیں انہیں کچھ نہیں کہا گیا اور ایک وفاقی سیکرٹری کو قربانی کا بکرا بنا دیا جس کا دفتر بھی پمز میں نہیں۔ یہ گونگلوؤں سے مٹی جھاڑنے کا عمل بھی ہمارے نظام کی سب سے بڑی خرابی ہے۔ بڑے سے بڑا سانحہ ہو جائے تب بھی کچھ حقیقی ذمہ دار بچ جاتے ہیں۔ نجانے اُن کے پاس کیا گیدڑ سنگھی ہوتی ہے، کسی وزارت کے سیکرٹری اور وزیر یک جان دو قابل ہوتے ہیں اگر سیکرٹری کو معطل کیا گیا تھا تو پھر وفاقی وزیر مصطفیٰ کمال پاشا بھی وزارت سے ہٹا دیئے جاتے۔ کم از کم پتہ تو لگتا ایک بڑا ایکشن ہوا ہے۔ پھولوں سے بھی نازک بچوں کو دنیا کے ہسپتال میں کیسے رکھا جاتا ہے، کل سے اُن کی وڈیوز دیکھ رہا ہوں یہاں غریبوں کے بچوں کو ایسے خطرات سے بھی محفوظ نہیں رکھا جاتا جیسے اس سانحے میں رونما ہوا، حیرانی اور پریشانی تو اس بات کی بھی ہے کہ ملک کے دارالخلافہ کا سب سے بڑا ہسپتال حفاظتی انتظامات سے اِس قدر محروم تھا کہ بچوں کی سوختہ نعشیں بھی نکالنے کے لئے جالیاں توڑ کر سیڑھیاں لگانی پڑیں۔ یہ بات بھی ہسپتال کے ڈھیلے ڈھالی انتظامی ڈھانچے کو ظاہر کرتی ہے، سانحے کے وقت ہسپتال کا کوئی عملہ وہاں موجود نہیں تھا اور بچوں کی مائیں چیخ چیخ کر اپنے سخت جگر جلتے دیکھ رہی تھیں، آگ بھک سے تو پورے وارڈ میں نہیں آئی ہوگی، ایسا ہوتا تو اس میں کوئی ایک یا دو بڑے بھی لپیٹے جاتے۔ اس کا مطلب ہے طبی عملہ موجود ہوتا تو بچوں کو بچانے کی کوشش کرتا، سرکاری ہسپتالوں کا نظام ویسے ہی کمزور بنیادوں پر کھڑا ہے۔ یہ کہہ دینا ایک مجرمانہ فعل ہے کہ حادثہ ہے وہ تو کسی وقت بھی ہوسکتا ہے۔ نہیں حادثہ کسی وقت بھی نہیں ہوتا بلکہ اُس صورت میں ہوتا ہے جب کوئی غفلت اُس کے ساتھ چلتی ہے، سڑکوں پر ہونے والے حادثات کو بھی اگر اسی تھیوری کے تحت نمٹایا جائے تو پھر کسی ڈرائیور کو سزا ہی نہ ملے۔ کوئی اصول، کوئی قاعدہ، کوئی ضابطہ ٹوٹتا ہے تو حادثہ ہوتا ہے۔ یہ اداروں کو چلانے کے لئے جو انسانوں کی فوج ظفر موج رکھی جاتی ہے وہ انہی حادثات کو روکنے کے لئے ہوتی ہے۔ جب سارے بے فکر ہو جائیں، غفلت کی نیند سو جائیں، کسی کو احتساب یا پوچھ گچھ کا ڈر نہ ہو تو حادثے کے اسباب اکٹھے ہوتے رہتے ہیں اور وہ ایک دن واقع ہو جاتا ہے۔ پندرہ شیر خوار بھی نہیں نوزائیدہ بچے جنہوں نے دنیا میں آ کر ابھی چند سانسیں ہی لی تھیں، ہماری غفلت کی وجہ سے بے نام، بے چہرہ اور عدم شناخت کے ساتھ دنیا سے چلے گئے، اُن کے والدین رو رہے ہیں، کتنی منتوں مرادوں کے بعد انہیں اللہ نے اولاد دی تھی۔ وہ یہ سوچ کے پمز ہسپتال میں گئے تھے کہ شہر کا سب سے بڑا ہسپتال ہے جس کا سالانہ بجٹ اربوں روپے، وہاں کوئی غفلت نہیں ہو گی، کوئی مسئلہ نہیں ہوگا۔ انہیں یہ معلوم تھا جہاں کا بجٹ اربوں میں ہوتا ہے، وہاں کوئی غفلت نہیں ہوگی، کوئی مسئلہ ہیں ہوگا۔ انہیں یہ معلوم نہیں تھا جہاں کا بجٹ اربوں میں ہوتا ہے وہاں کے ذمہ دار بھی اپنی ساری توجہ اُس بجٹ میں سے اپنا حصہ نکالنے پر دیتے ہیں، انہیں اس سے زیادہ غرض نہیں ہوتی کہ ہسپتال کا نظام کیسے چل رہا ہے ہاں اُن کی توجہ ہسپتال کے اُن وی وی آئی پی وارڈز کی طرف ضرور ہوتی ہے، جہاں اشرافیہ یا ان کے خاندانوں کے افراد آتے ہیں۔ وہاں کے اے سی کی بھی پوری نگرانی کی جاتی ہے کہ ٹھنڈک کو یقینی بنائے اور وائرنگ کو بھی آنکھیں کھول کے دیکھا جاتا ہے کہ کہیں سے شارٹ سرکٹ کا تو امکان نہیں، اشرافیہ کیلئے یہی خدمات تو اِن نااہل اور غفلت شعار افسروں کو تحفظ فراہم کرتی ہیں، ہر حادثے اور سانحے کے بعد وہی دھواں دار روایتی بیانات جاری ہوتے ہیں جن سے اب گھن آنے لگتی ہے اس قوم کا کچھ حافظہ بھی کمزور ہے، کچھ دن بعد بڑے سے بڑا سانحہ بھی بھول جاتی ہے اور کسی نے سانحے تک خوابِ غفلت کے مزے لیتی ہے ہم دنیا کے سامنے ایک ایسی قوم بنتے جا رہے ہیں جو اپنے بچوں کو درندگی سے بچا پا رہی ہے اور نہ ہسپتالوں میں زندگی محفوظ بنا رہی ہے

ایک کروڑ کی گاڑی، ساڑھے تین کروڑ کا سوال

گوجرانوالہ سینٹرل جیل کے سابق سپرنٹنڈنٹ اظہر جاوید کی مبینہ کرپشن کے معاملے نے ایک بار پھر پنجاب کی جیلوں کے نظام پر سوالات کھڑے کر دیے ہیں۔ چند روز قبل ساڑھے چار کروڑ روپے کی مبینہ رشوت کے الزام میں گرفتار ہونے والے اظہر جاوید کو پانچ روزہ جسمانی ریمانڈ مکمل ہونے پر دوبارہ عدالت میں پیش کیا گیا تو اینٹی کرپشن حکام نے ایک کروڑ روپے مالیت کی گاڑی برآمد کرنے کا دعویٰ کیا، جبکہ مزید تین کروڑ پچاس لاکھ روپے کی ریکوری کے لیے عدالت سے مزید جسمانی ریمانڈ طلب کیا گیا۔ عدالت نے مزید چھ روز کا ریمانڈ دے دیا۔ یہ بات یاد رکھنا ضروری ہے کہ مقدمہ ابھی زیرِ تفتیش ہے اور عدالت نے ملزم کو مجرم قرار نہیں دیا۔ تاہم تفتیش میں ہونے والی مبینہ ریکوری نے اس معاملے کی سنگینی ضرور بڑھا دی ہے۔ اصل سوال اب یہ ہے کہ ساڑھے چار کروڑ روپے کہاں گئے اور ان کی باقی رقم کہاں ہے؟ اس سے بھی زیادہ اہم سوال یہ ہے کہ ایک جیل سپرنٹنڈنٹ پر اتنی بڑی رقم کے معاملے میں کارروائی کیوں ہوئی؟ مبینہ طور پر معلوم ہوا ہے کہ مقدمے میں حساس ادارے کے ایک افسر کا نام استعمال کر کے اور اپنی اتھارٹی کا مبینہ غلط استعمال کرتے ہوئے رشوت لینے کا الزام زیرِ تفتیش ہے۔ ذرائع کے مطابق ملزم نے اپنے تعلقات کا تاثر دے کر کسی ادارے میں کام کروانے کے عوض رقم حاصل کی، کام نہ ہونے پر رقم واپس مانگی گئی اور رقم واپس نہ ملنے پر شکایت اینٹی کرپشن تک پہنچ گئی۔ حیرت کی بات یہ ہے کہ اس مقدمے کی FIR نمبر 38/26 کا ذکر اخبارات میں آ چکا ہے، مگر FIR کی اصل کاپی تاحال منظرِ عام پر نہیں آ سکی۔ صحافتی اعتبار سے یہ دستاویز انتہائی اہم ہے، کیونکہ اس سے معلوم ہوگا کہ ساڑھے چار کروڑ روپے کا اصل معاملہ کیا تھا، رقم کس مقصد کے لیے دی گئی اور شکایت کنندہ نے کیا مؤقف اختیار کیا۔ لیکن گوجرانوالہ کا واقعہ اب اکیلا واقعہ نہیں رہا۔ جیل کے ایک اعلیٰ آفیسر سے میری گفتگو ہوئی تو جیلوں میں مبینہ بے ضابطگیوں اور کرپشن کے حوالے سے ان کی باتیں بھی خاصی تشویش ناک تھیں۔ انہوں نے اس امر کی تصدیق کی کہ بعض جیلوں میں ایسے معاملات سامنے آئے ہیں جن پر محکمانہ کارروائی کرنا پڑی۔ حالیہ دنوں میں ساہیوال سینٹرل جیل میں بھی سپرنٹنڈنٹ، ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ اور متعدد اہلکاروں کے خلاف بے ضابطگیوں اور کرپشن کی شکایات پر کارروائی کی جا چکی ہے۔ لاہور کی جیلیں بھی اس بحث سے باہر نہیں رہ سکتیں۔ آئی جی جیل خانہ جات نے جولائی میں لاہور ڈسٹرکٹ جیل کے اچانک معائنے کے دوران مختلف انتظامی خامیوں پر کئی اہلکاروں کو معطل کیا اور جیل کے کھانے، انتظامی نگرانی اور رہائی کے عمل میں شفافیت بہتر بنانے کی ہدایات دیں۔ اسی طرح سینٹرل جیل کوٹ لکھپت بھی سنگین الزامات کی زد میں ہے وہاں بھی قیدیوں اور حوالاتیوں کو سہولتیں دینے کے عوض مبینہ طور پر بھاری رشوت لینے کی خبریں زبان زدِ عام ہیں۔ یہاں سوال کسی ایک افسر یا پورے محکمہ کو بدنام کرنے کا نہیں۔ پنجاب جیل خانہ جات میں یقیناً ہزاروں اہلکار ایمانداری سے فرائض انجام دے رہے ہیں۔ سوال صرف یہ ہے کہ اگر مختلف جیلوں سے بار بار بے ضابطگیوں کی شکایات سامنے آ رہی ہیں تو کیا محکمہ ایک جامع اینٹی کرپشن اوور ہال کے لیے تیار ہے؟ قیدی اور حوالاتی ریاست کی تحویل میں ہوتا ہے۔ اس کی ملاقات، علاج، خوراک، رہائی اور دیگر جائز سہولتیں کسی اہلکار کی ذاتی مرضی یا مبینہ مالی مطالبے سے مشروط نہیں ہونی چاہئیں۔ اگر کسی جیل میں معمولی سہولت کے لیے بھی پیسے دینے کا تاثر پیدا ہو جائے تو یہ صرف کرپشن نہیں، ریاستی اختیار کا غلط استعمال ہے۔ پنجاب حکومت کو اب محض ایک دو افسران کے خلاف کارروائی پر اکتفا نہیں کرنا چاہیے۔ تمام جیل افسران اور حساس عہدوں پر تعینات اہلکاروں کے اثاثوں، طرزِ زندگی اور معلوم آمدن کا تقابلی جائزہ لیا جائے۔ جیلوں کا اچانک اور غیر اعلانیہ آڈٹ ہو، قیدیوں کی شکایات کے لیے آزاد نظام بنایا جائے اور جہاں شکایت درست ثابت ہو وہاں کارروائی افسر کے عہدے سے نہیں بلکہ جرم کی نوعیت سے ہونی چاہیے۔ گوجرانوالہ میں ایک کروڑ کی گاڑی کی مبینہ ریکوری اور مزید ساڑھے تین کروڑ کی تلاش نے ایک بڑا سوال ہمارے سامنے رکھ دیا ہے: اگر جیل کا نگران ہی کروڑوں کے معاملے میں تفتیش کی زد میں آ جائے تو جیلوں کے اندر نگرانی کا نظام کون دیکھے گا؟ اب وقت ہے کہ پنجاب کی جیلوں کی صرف دیواریں مضبوط نہ کی جائیں، اندر کا نظام بھی مضبوط کیا جائے۔ کیونکہ جیل کی سلاخوں کے پیچھے موجود شخص قانون کا قیدی ہے، کسی اہلکار کی کمائی کا ذریعہ نہیں۔

روزنامہ اطلاع عام کوئٹہ

بقیہ جات

بقیہ 1

خالی ہونے کا انکشاف ہوا ہے۔ ذرائع وزارت ریلوے کے مطابق خالی آسامیوں میں ٹیکنیکل اور نان ٹیکنیکل دونوں نوعیت کی آسامیاں شامل ہیں، پنجاب میں ریلوے کی 12ہزار165، سندھ میں 7ہزار245، خیبرپختونخوا میں ایک ہزار 840، جب کہ بلوچستان میں ایک ہزار 296 آسامیاں خالی ہیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ عملے کی کمی کے باعث ریلوے آپریشنز چلانے میں مشکلات کا سامنا ہے۔ پاکستان ریلویز میں ضرورت کے مطابق ڈیلی ویجز پر لوئر ٹیکنیکل اسٹاف بھرتی کیا جاتا ہے۔ ذرائع وزارت ریلوے کے مطابق خالی آسامیوں پر ضروری بھرتیوں سے متعلق منصوبے پر کام جاری ہے۔

بقیہ 2

بہترین طبی سہولیات فراہم کی جارہی ہیں، جبکہ تیسری طالبہ کا علاج نوشکی میں جاری ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچ بچیوں پر حملہ کرنا کون سی بلوچیت اور کون سی روایت ہے؟ دہشت گردوں کا مقصد بلوچ بچیوں کو تعلیم سے دور رکھنا اور انہیں پروپیگنڈے کے ذریعے خودکش حملوں کے لیے استعمال کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جب ہمارے بچے تعلیم حاصل نہیں کریں گے تو وہ دہشت گردوں کے لیے آسان ہدف بن جائیں گے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ حکومت کسی صورت اسکول اور کالج بند نہیں کرے گی۔ حکومت پہلے ہی 3,200 بند اسکول کھول چکی ہے اور اب انہیں مزید آباد کرے گی۔ ایک طرف حکومت بچیوں کے لیے آکسفورڈ اور ہارورڈ جیسے اداروں کے دروازے کھولنا چاہتی ہے تو دوسری طرف دہشت گرد انہیں خودکش جیکٹیں پہنانا چاہتے ہیں۔ انہوں نے اعلان کیا کہ زخمی طالبات سے یکجہتی کے لیے بیوٹمز یونیورسٹی کوئٹہ اور نوشکی گرلز کالج میں ان بہادر بچیوں کے نام سے اسپورٹس فیسٹیول منعقد کیے جائیں گے تاکہ دہشت گردوں کو واضح پیغام دیا جائے کہ حکومت تعلیمی ادارے بند کرنے پر مجبور نہیں ہوگی۔ وزیراعلیٰ نے بشیر زیب، رحمان گل اور اللہ نذر سمیت دیگر دہشت گردوں کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ وہ بھارتی مفادات کے لیے کام کرتے ہوئے نہتی بچیوں کو نشانہ بنا رہے ہیں۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ اگر اللہ نذر کے بچے فرانس میں تعلیم حاصل کر سکتے ہیں تو بلوچ بچیوں کو نوشکی میں تعلیم کا حق کیوں نہیں۔ انہوں نے کہا کہ جو لوگ آئین اور قانون کے دائرے میں دلیل سے بات کرنا چاہتے ہیں ان کے لیے ریاست کے دروازے ہمیشہ کھلے ہیں، لیکن دہشت گردوں کا پہاڑوں اور شہری مراکز میں تعاقب جاری رہے گا۔ حکومت پاک فوج، ایف سی اور پولیس کے ساتھ مل کر بلوچستان کو امن کا گہوارہ بنائے گی۔

بقیہ 3

بھی حالات اس سے کہیں زیادہ خراب ہیں، لہذا اگر یہی اصول ہے تو وہاں بھی گورنر راج لگایا جانا چاہیئے، خیبرپختونخواہ میں دہشت گردی کے الزام کے پیچھے اصل محرک دراصل وہاں موجود معدنیات کے ذخائر پر قبضے کی کوششیں ہیں، اب تو معدنیات کی یہ باتیں خود گورنر کی جانب سے بھی کی جارہی ہیں۔ حکومت اور اپوزیشن کے درمیان مذاکرات کے حوالے سے پس منظر بتاتے ہوئے انہوں نے انکشاف کیا کہ میں نے ملک کو بہتر انداز میں چلانے کے لیے حکومت سے بات چیت کی تھی جس کے دوران وزیراعظم نے اپوزیشن سے لانگ مارچ مؤخر کرنے کا کہا تھا، اپوزیشن نے اس پر مثبت جواب دیا اور ان کے مطالبات میں بانی پی ٹی آئی عمران خان سے ملاقات اور ان کا علاج کرانا شامل تھا۔ سربراہ جے یو آئی ف نے بتایا کہ ابتدائی طور پر وزیراعظم کی جانب سے اس پر مثبت ردعمل ظاہر کیا گیا تھا، لیکن بعد میں صبح ساڑھے دس بجے اسحاق ڈار نے مجھے آگاہ کیا کہ حکومت نے ان مطالبات کو ماننے سے انکار کر دیا ہے، سیاست اور جمہوریت کا بنیادی اصول باہمی مذاکرات اور افہام و تفہیم ہے، لیکن بدقسمتی سے ہماری قربانیوں کا مذاق اڑایا گیا اور اختلافِ رائے کرنے پر ہمارے خلاف رویہ اپنایا گیا۔ انہوں نے جذباتی انداز میں کہی گئی بات کو دہرایا کہ ریاست کو ماں جیسا رویہ اختیار کرنا چاہیے، جب تک مجھے مکمل اطمینان نہ ہو تو میں تذبذب کی حالت میں کوئی مقف اختیار نہیں کرتا، اور جمہوریت کی بقا کے لیے بات چیت کے دروازے کھلے رہنے چاہئیں، اگر ہم اپنے ساتھیوں کو احترام نہیں دیں گے تو عوام سے کیا توقع رکھیں گے، میں 5 برس پہلے کے حالات سے موازنہ کرتا ہوں تو سب کچھ خواب کی طرح لگتا ہے۔

بقیہ 4

کرکے آگے بڑھیں گے۔ دوسری جانب رہنما تحریک انصاف بیرسٹر علی ظفر نے کہا کہ پارلیمانی پارٹی اجلاس میں اٹھائیسویں ترمیم کا معاملہ زیر بحث آیا تھا۔ بیرسٹر علی ظفر کا کہنا تھا کہ کچھ ارکان نے رائے دی کہ عمران خان کی رہائی کے بدلے اس پر غور کرنا چاہیے، ابھی آئینی ترمیم پر کوئی فیصلہ نہیں ہوا۔ اٹھائیسویں ترمیم کے تناظر میں کچھ ریلیف مل سکتا ہے تو ضرور کرنا چاہیے۔

بقیہ 5

ریاض حسین پیرزادہ نے ملاقات کی اور انہیں جاری ہاؤسنگ سکیموں بارے پیشرفت سے آگاہ کیا۔ بدھ کو پی ایم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق ملاقات میں وزارت ہاؤسنگ اینڈ ورکس کے امور اور ترقیاتی منصوبوں بارے تفصیلی گفتگو کی گئی۔؟ وزیراعظم نے ہدایت کی کہ رہائشی منصوبوں کو شفافیت کے ساتھ مقررہ مدت میں مکمل کیا جائے اور اعلیٰ معیار کو یقینی بنایا جائے

بقیہ 6

فیڈرل ڈائریکٹوریٹ آف ایجوکیشن کو ایک مؤثر اور فعال ادارے میں تبدیل کرنے کے لئے حکمت عملی تشکیل دینے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ اسلام آباد کے سرکاری سکولوں میں انفراسٹرکچر کے تمام مسائل ہنگامی بنیادوں پر حل کئے جائیں، طلبا و طالبات کو سکولوں میں محفوظ ماحول فراہم کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے۔ وزیراعظم نے اسلام آباد میں طلبا و طالبات کی غذائی نشوونما یقینی بنانے کے لئے مفت لنچ کا نظام فعال کرنے کی ہدایت کی۔ وزیراعظم نے وفاقی وزیر ترقی و منصوبہ بندی احسن اقبال کو اسلام آباد میں سرکاری سکولوں کے مسائل ایک ہفتے میں حل کرنے کی ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ تمام سکولوں میں سمارٹ بورڈز جلد از جلد نصب کئے جائیں۔

بقیہ 7

وزارتِ خارجہ میں ملاقات کی جس میں باہمی دلچسپی کے امور اور اہم علاقائی و عالمی معاملات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق نائب وزیراعظم نے لیفٹیننٹ جنرل (ر) نعمان محمود کو ان کی تقرری پر مبارک باد پیش کی اور ان کی اہم ذمہ داریوں کی ادائیگی میں کامیابی کے لئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق نائب وزیراعظم نے علاقائی اور عالمی امن و استحکام کیلئے پاکستان کی جاری سفارتی کوششوں کو اجاگر کیا، انہوں نے خطے میں پائیدار امن کے فروغ میں مکہ مشترکہ دفاعی اتحاد کے اہم اور کلیدی کردار پر زور دیا۔

بقیہ 8

قائد حزب اختلاف سینیٹ علامہ راجہ ناصر عباس سے ملاقات کی۔ ملاقات میں ملکی موجودہ سیاسی صورتحال، آئینی و جمہوری امور اور اپوزیشن جماعتوں کے باہمی تعاون پر گفتگو ہوئی۔ شرکاء نے خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ کی شدید مذمت کی۔ ہے۔

بقیہ 9

چارے کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئین پاکستان تمام شہریوں کو مذہبی آزادی اور مساوی حقوق فراہم کرتا ہے، جبکہ معاشرے میں امن و استحکام کے لیے علمائے کرام اور مذہبی رہنماں کا کردار قابلِ قدر ہے۔ اس موقع پر علامہ حافظ طاہر اشرفی نے کہا کہ پاکستان مختلف مذاہب کے ماننے والوں کا ملک ہے، جہاں تمام مذاہب کے پیروکار آزادانہ زندگی گزار رہے ہیں۔ آئینِ پاکستان ایک دوسرے کے مذاہب اور مسالک کے احترام کا درس دیتا ہے، جبکہ قومی پیغامِ امن کمیٹی بین المذاہب اور بین المسالک ہم آہنگی کے فروغ میں بھرپور کردار ادا کر رہی ہے۔

بقیہ 10

دلچسپی کے امور اور علاقائی بحری سلامتی کی صورتِ حال پر تبادلہء خیال کیا گیا۔ پاکستان اور کویت کے درمیان دوطرفہ بحری تعاون مزید مضبوط بنانے پر گفتگو ہوئی، دونوں ممالک نے علاقائی بحری امن و استحکام کے لیے مشترکہ عزم کا اعادہ کیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق کویتی بحریہ کے کمانڈر کا دورہ دونوں ممالک کے درمیان دیرینہ برادرانہ تعلقات کا عکاس ہے۔

بقیہ 11

گیا۔ وزیرِ اعظم شہباز شریف نے ریلوے میں شفافیت، اصلاحات اور عوامی ریلیف کے شعبوں کو ترجیح دینے کا اعادہ کیا۔ انہوں نے ریلوے کی بحالی اور انقلابی اصلاحات کے لیے مکمل تعاون کی یقین دہانی بھی کروائی۔

بقیہ 12

ہے۔ بلومبرگ کے مطابق پاکستان کی جانب سے تائیوان کی فضائی کمپنیوں کے لیے فضائی حدود بند کرنے کا فیصلہ اپنی نوعیت کا پہلا اقدام ہے۔ تائیوان کی فضائی کمپنیوں نے ہفتے کے اختتام سے پروازوں کے راستے تبدیل کرنا شروع کر دیئے چائنا ایئر لائنز اور ایوا ایئر کی پروازیں 25 اکتوبر کی صبح سے پاکستانی فضائی حدود سے نہیں گزریں۔ ایشیا اور یورپ کے درمیان تائیوانی کمپنیوں کی کم ازکم 12 پروازوں نے اتوار سے روسی فضائی حدود استعمال کی ہے۔

بقیہ 13

چاہیے اور سگریٹ نوشی کی ہر قسم سے انکار کرنا چاہیے۔ ایچ ای سی کی جانب سے جاری کردہ ہدایات کے مطابق پابندی کا اطلاق عام سگریٹ، الیکٹرانک سگریٹ، ویپ، حقہ (شیشہ)، گرم کیے جانے والے تمباکو کی مصنوعات اور سگریٹ نوشی کی دیگر تمام اقسام پر ہوگا۔ ایچ ای سی نے ملک بھر کے اعلیٰ تعلیمی اداروں کے سربراہان سے بھی رابطہ کیا ہے تاکہ جامعات اور تعلیمی اداروں کے کیمپسز اور احاطوں میں سگریٹ نوشی کی تمام اقسام پر پابندی کے اقدامات کو فروغ دیا جاسکے۔ کمیشن کے مطابق ملک کے بیشتر اعلیٰ تعلیمی ادارے پہلے ہی اپنے کیمپسز اور احاطوں میں سگریٹ نوشی کی تمام اقسام پر پابندی عائد کر چکے ہیں۔ ایچ ای سی نے اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ تعلیمی اداروں اور دفتری ماحول کو صاف، صحت مند اور دھوئیں سے پاک بنانے کے لیے اقدامات جاری رکھے جائیں گے۔

بقیہ 14

والے 9 دہشت گردوں کو جہنم واصل کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ضلع کچھی میں سکیورٹی فورسز کے آپریشن کے دوران دہشت گردوں کے ٹھکانے کو تباہ کر دیا گیا، شدید فائرنگ کے تبادلے میں 7 دہشت گرد ہلاک ہوئے، آپریشن کے دوران دہشت گردوں کے قبضے سے اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کر لیا گیا۔ ضلع وڈھ میں سکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کی نقل وحرکت کا سراغ لگا کر انہیں مؤثر انداز میں روکا، فائرنگ کے تبادلے میں 2 دہشت گرد انجام کو پہنچ گئے، ضلع وڈھ میں کارروائی کے دوران بھی اسلحہ اور گولہ بارود برآمد کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق علاقے میں ممکنہ طور پر موجود دیگر دہشت گردوں کے خاتمے کیلئے کلیئرنس آپریشنز جاری ہیں۔ ترجمان پاک فوج کا کہنا ہے کہ سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی جانب سے ملک سے بیرونی سرپرستی میں ہونے والی دہشت گردی کے خاتمے کیلئے کارروائیاں جاری رہیں گی، قومی ایکشن پلان کی حکمتِ عملی کے تحت عزمِ استحکام کے وژن کے مطابق انسدادِ دہشت گردی کی مہم پوری رفتار سے جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا گیا ہے۔ دریں اثنا صدر مملکت آصف زرداری نے بلوچستان میں دہشتگردوں کو ہلاک کرنے پر سکیورٹی فورسز کی صلاحیتوں کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ دہشتگردوں کے غیر ملکی سرپرستوں اور سہولت کاروں کی سازشوں کو ناکام بنایا جائے گا، قوم اپنی سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ علاوہ ازیں وزیراعظم شہباز شریف نے کچھی اور وڈھ میں فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کے خلاف کامیاب کارروائیوں پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ وزیراعظم نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ دہشتگردی کی عفریت کے ملک سے مکمل خاتمے تک اس کے خلاف جنگ جاری رکھیں گے۔ پاکستان کی سلامتی اور امن کو نقصان پہنچانے والے دہشتگرد اپنے مذموم مقاصد میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے۔ وزیراعظم کا کہنا تھا کہ پوری قوم دہشتگردی کے خاتمے کیلئے سکیورٹی فورسز کے غیر متزلزل عزم میں ان کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔

بقیہ 15

داری اٹھالی ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان سے منیر احمد نے ملاقات کی، جس کے دوران میر سرفراز بگٹی نے بچوں کی مشکلات اور حالاتِ زندگی کے بارے میں معلومات حاصل کیں اور ان کی بہتر تعلیم و تربیت اور محفوظ مستقبل کے لیے ضروری اقدامات کی ہدایت کی۔ وزیراعلیٰ نے منیر احمد، اس کے چھوٹے بھائی اور تینوں بہنوں کو تعلیمی اداروں میں داخل کرانے کا حکم دیتے ہوئے ہدایت کی کہ بچوں کو تعلیم کے ساتھ مناسب رہائش اور دیگر ضروری سہولیات بھی فراہم کی جائیں تاکہ وہ گھریلو مسائل اور معاشی مشکلات سے آزاد ہو کر اپنی تعلیم جاری رکھ سکیں۔ میر سرفراز بگٹی نے پانچوں بچوں اور ان کی والدہ کی کفالت کی ذمہ داری خود اٹھاتے ہوئے متعلقہ عملے کو ہدایت کی کہ خاندان کی ضروریات کا خیال رکھا جائے اور بچوں کی تعلیم، رہائش اور فلاح و بہبود کے لیے مؤثر اقدامات یقینی بنائے جائیں اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان نے اپنے عملے کے ذریعے ذاتی اخراجات سے بچوں کو موسم سرما کے لیے گرم کپڑوں اور دیگر ضروری اشیا کی خریداری بھی کروائی۔ اس اقدام کا مقصد بچوں کو سرد موسم میں درکار بنیادی سہولیات فراہم کرنا تھا۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے بچوں کے روشن مستقبل کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے اس عزم کا اعادہ کیا کہ معاشرے کے بے سہارا اور ضرورت مند بچوں کی تعلیم، تربیت اور بہتر زندگی کے مواقع کی فراہمی کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے۔

بقیہ 16

موقع ملنا چاہیے۔ مولانا عبدالواسع نے مطالبہ کیا کہ قومی اسمبلی میں قائد جمعیت کی تقریر کی نشریات مبینہ طور پر روکنے کے معاملے پر قوم کو وضاحت دی جائے۔ انہوں نے کہا کہ جمہوری معاشرے میں اختلافِ رائے کا احترام اور آزادی اظہار کا تحفظ ناگزیر ہے، جبکہ سیاسی مقف کا جواب بلیک آٹ کے ذریعے دینا جمہوری روایات کے منافی ہے۔

بقیہ 17

قیام کے لیے اپنی آمادگی ظاہر کر چکے ہیں، اور اب تہران پر لازم ہے کہ وہ مجوزہ اصولوں پر عمل کرتے ہوئے عملی طور پر اپنی نیک نیتی کا مظاہرہ کرے۔ انہوں نے مزید کہا تھا کہ مثبت بیانات کے باوجود ایران کو اپنے مقف کو عملی اقدامات میں تبدیل کرنا چاہیے، ہمسایہ ممالک کو دھمکیاں دینے سے گریز کرنا چاہیے اور آبنائے ہرمز میں جہاز رانی کی آزادی کو یقینی بنانا چاہیے۔

بقیہ 18

اس موقع پر انہوں نے مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات اور انہیں درپیش مشکلات کے بارے میں معلومات حاصل کیں مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے تنخواہوں کی عدم ادائیگی پر احتجاج کرنے والے ہسپتال کے سکیورٹی گارڈز سے بھی ملاقات کی اور ان کے مسائل سنے۔ انہوں نے اس سلسلے میں ہسپتال کے ایچ او سی سے رابطہ کرکے تنخواہوں کے اجراء میں حائل رکاوٹیں دور کرنے اور متاثرہ ملازمین کو ان کی واجب الادا تنخواہوں کی ادائیگی یقین دہانی کرائی رکن صوبائی اسمبلی نے اس بات پر زور دیا کہ صحت عامہ کی سہولیات کی مؤثر فراہمی کے لیے ضروری ہے کہ مریضوں کو بروقت اور معیاری طبی سہولیات فراہم کی جائیں، جبکہ ہسپتال میں خدمات انجام دینے والے ملازمین کے جائز مسائل بھی ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں، تاکہ طبی خدمات کا تسلسل برقرار رہے اور عوام کو بہتر صحت کی سہولیات میسر آسکیں دورے کے موقع پر حق دو تحریک بلوچستان کے ضلعی چیئرمین اکرم فدا اور جنرل سیکریٹری بابر شہزاد بھی ان کے ہمراہ تھے۔

بقیہ 19

رابطے اور تعاون جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا۔ مشرقِ وسطی میں بڑھتی ہوئی کشیدگی کے تناظر میں مصر اور سعودی عرب نے قریبی رابطہ اور باہمی تعاون جاری رکھنے پر اتفاق کیا ہے۔ غیرملکی میڈیا کے مطابق مصری وزارت خارجہ کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ دونوں ممالک کے وزرائے خارجہ کے درمیان رابطے میں علاقائی صورتحال اور تازہ پیش رفت پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ دونوں رہنماؤں نے موجودہ بحران پر قابو پانے اور کشیدگی کو مزید بڑھنے سے روکنے کے لیے کوششوں پر بھی بات چیت کی۔ مصر اور سعودی عرب نے علاقائی امن و استحکام کے فروغ کے لیے باہمی رابطے اور تعاون جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا۔

بقیہ 20

کے محرکات اور ملزمان کے بارے میں تاحال مزید تفصیلات سامنے نہیں آسکیں۔

بقیہ 21

خلاف سکیورٹی فورسز کی کامیابیاں انتہائی قابلِ تحسین ہیں، پوری قوم دہشت گردی کے ناسور کے مکمل خاتمے کے لیے اپنی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ "فتنہ الہندوستان" کے دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کو ملک کے کسی کونے میں چھپنے کی جگہ نہیں ملے گی۔

بقیہ 22

متعلق اقدامات اور میرین بائیوٹیکنالوجی کے شعبوں میں عملی تجربہ اور پیشہ ورانہ مہارتیں حاصل کرنے کا موقع ملے گا۔ اجلاس میں گوادر یونیورسٹی کے فیکلٹی ممبران نے بحری مطالعات اور سمندری تحقیق میں اپنے اپنے شعبوں کے ممکنہ کردار پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ دونوں اداروں نے مشترکہ تحقیقی منصوبوں اور باہمی دلچسپی کے دیگر علمی شعبوں میں تعاون کو وسعت دینے کے عزم کا اظہار کیا۔ اجلاس کے اختتام پر جامعہ گوادر کے رجسٹرار ڈاکٹر دولت خان نے NIMA پاکستان کے تعاون اور طلبہ کے لیے انٹرن شپ کے مواقع فراہم کرنے کے عزم پر شکریہ ادا کیا۔ دونوں اداروں نے انٹرن شپ کے انتظامات کو حتمی شکل دینے، طلبہ کے انتخاب اور مشترکہ تحقیقی منصوبوں کی نشاندہی کے لیے باہمی رابطے جاری رکھنے پر اتفاق کیا۔ اس تعاون سے گوادر اور دیگر علاقوں میں طلبہ کے لیے عملی تعلیمی مواقع، بین الشعبہ جاتی تحقیق اور بحری امور سے متعلق علمی سرگرمیوں کے فروغ میں مدد ملنے کی توقع ہے۔

بقیہ 23

کہ تہران میں ایران، سعودی عرب، پاکستان اور ترکیہ کے درمیان چار ملکی اجلاس خطے میں امن و سلامتی کے لیے مذاکرات آگے بڑھانے کا اہم موقع تھا۔ ایرانی خبر رساں ادارے ارنا کے مطابق عباس عراقچی نے بدھ کو انسٹاگرام پر جاری بیان میں کہا کہ چاروں ممالک کا مشاورت کا عمل جاری رکھنے پر اتفاق اہم پیش رفت ہے۔ عباس عراقچی نے زور دیا کہ اس سفارتی پیش رفت کو دیرپا تعاون میں تبدیل کرنے کے لیے مشترکہ اصولوں پر اتفاق، اعتماد سازی اور ایک دوسرے کی خودمختاری کا احترام ضروری ہے۔ ایرانی وزیر خارجہ نے کہا کہ خطے میں پائیدار امن وسلامتی کے لیے صرف مذاکرات کافی نہیں، بلکہ باہمی احترام اور ٹھوس وعدوں کے ذریعے تعاون کو آگے بڑھانا ہوگا۔ انہوں نے علاقائی ممالک کے درمیان مسلسل رابطوں اور اعتماد کی فضا قائم رکھنے پر بھی زور دیا تاکہ امن وسلامتی کے مشترکہ مقاصد حاصل کیے جاسکیں۔

بقیہ 24

ہسپتال میں زیر علاج مریضوں اور ان کے لواحقین سے بھی ملاقات کی اور انہیں فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، ادویات کی دستیابی، ڈاکٹروں کی موجودگی، تشخیص اور علاج کے معیار کے بارے میں براہِ راست معلومات حاصل کیں۔ انہوں نے مریضوں سے ہسپتال میں کی جانے والی اصلاحات اور انہیں درپیش مسائل کے حوالے سے بھی آگاہی حاصل کیا دویات سنٹر کے دورے کے موقع پر کمشنر نے ہسپتال میں دستیاب ادویات، مریضوں کو فراہم کی جانے والی ادویات اور ادویات کی تقسیم کے طریقہ کار کے بارے میں معلومات حاصل کیں اور متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ مریضوں کو ضروری ادویات کی فراہمی میں کسی قسم کی رکاوٹ نہیں آنی چاہیے۔

بقیہ 25

فروغ ملنے کی توقع ہے۔ معیاری سڑکوں کی تعمیر سے علاقے کے بنیادی ڈھانچے کو مستحکم بنانے اور عوام کو بہتر سفری سہولیات کی فراہمی میں مدد ملے گی۔ حکومتِ بلوچستان کی ترقیاتی ترجیحات کے تحت سڑکوں کے بنیادی ڈھانچے کی بہتری عوام کو بہتر سہولیات فراہم کرنے اور دور دراز علاقوں کو ترقی کے مرکزی دھارے میں شامل کرنے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ این-70 بیواٹا تا دادا حاجی روڈ فیرون کی تکمیل سے علاقے میں رابطوں کے نظام کو مزید بہتر بنانے میں مدد ملے گی۔

بقیہ 26

ہوئے سرکاری تعلیمی اداروں میں نظم و ضبط اور تدریسی کارکردگی کو بہتر بنایا جاسکے۔

بقیہ 27

سفارتی کوششیں جاری رکھے ہوئے ہے۔ ایران کے جوہری تنازع کا پرامن حل مذاکرات سے ہی ممکن ہے۔ دریں اثنا اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں چین کے مستقل مندوب فو کانگ نے اپنے خطاب میں کہا ہے کہ ایران کے جوہری پروگرام پر تنازع کا حل صرف سفارت کاری ہے۔ جنگ ختم کرنے اور امریکا، ایران مذاکرات کی راہ ہموار کرنے کیلئے اقدامات کرنا ہوں گے، موجودہ صورتحال کی بنیادی وجوہات میں امریکا کی جوہری معاہدے سے یکطرفہ علیحدگی بھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ امریکا اور اسرائیل کے ایرانی جوہری تنصیبات پر حملوں سے عالمی جوہری ادارے کی نگرانی متاثر ہوئی۔ ان کا کہنا تھا کہ ایران سے اپیل ہے وہ جوہری ہتھیار نہ بنانے کے عزم پر قائم رہے، جبکہ دیگر ممالک ایران کے پرامن جوہری توانائی کے حق کا احترام کریں۔ چینی مندوب فو کانگ نے مزید کہا کہ امریکا کو ایران کے خلاف طاقت کے استعمال سے گریز کرنا چاہیے، دوبارہ جنگ شروع ہونے سے مشرق وسطی میں مزید تباہی پھیل سکتی ہے۔

بقیہ 28

جس پر ڈسٹرکٹ چیئرمین نے سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ ذمہ داران کو غیر حاضر اساتذہ کے خلاف فورنوٹس لینے کی ہدایت کی ضلعی چیئرمین شئے مختار نے واضح کیا کہ تعلیم کے معاملے میں کسی قسم کی غفلت اور لاپرواہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ اساتذہ کی بروقت حاضری اور تدریسی ذمہ داریوں کی ادائیگی یقینی بنائی جائے تاکہ طلبہ کا قیمتی تعلیمی وقت ضائع نہ ہو اور انہیں معیاری تعلیم کی فراہمی ممکن بنائی جاسکے۔

بقیہ 29

گروپ اور میریز دستہ بھی شامل ہونیلیئے تیار ہے۔ وال اسٹریٹ جنرل کا کہنا ہے کہ امریکی حملوں کی صورت میں ایران کا جوابی حملوں کا انتباہ دیا ہے۔

بقیہ 30

امیر مولانا خورشید احمد، مفتی محمد روزی خان، مولانا محب اللہ، حاجی بشیر احمد کاکڑ، مولانا محمد ایوب، مولانا سعید احمد، مولانا محمد سلیمان، حاجی رحمت اللہ کاکڑ، حافظ شبیر احمد مدنی، حافظ مسعود احمد، حاجی قاسم خان خلجی، حاجی ولی محمد بڑیچ، حاجی صالح محمد، حافظ دوست محمد مینگل، عبدالصمد حقیار، مولانا شعیب جدون، مفتی نیک محمد، حاجی محمد شاہ لالا، شاہ زاہد مشوانی، مفتی ابوبکر، مولانا علی جان، مولانا سید سعداللہ آغا، مولانا نقیب اللہ ملاخیل، مولانا جمال الدین حقانی، مفتی رشید احمد حقانی، حاجی عطا محمد شمشوزئی، حافظ حبیب الرحمٰن اور دیگر رہنماں نے شرکت کی انہوں نے کہا کہ کوئٹہ میں امن وامان کی صورتحال اس قدر ابتر ہوچکی ہے کہ صبح ناشتے کیلیے نکلنے والے بچے اور بزرگ بھی لٹیروں سے محفوظ نہیں روزگار کے لیے گھروں سے نکلنے والے شہری بھی آئے روز لوٹ مار کا نشانہ بن رہے ہیں۔

بقیہ 31

دوران ایس ڈی او نے سڑک کی تعمیر میں استعمال ہونے والے مواد کی جانچ پڑتال کی اور کام کے معیار اور رفتار کا باریک بینی سے جائزہ لیا۔ انہوں نے موقع پر موجود ٹھیکیداروں اور تکنیکی عملے کو ہدایات جاری کیں کہ منصوبے میں معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے اور تمام کام مقررہ معیارات اور مدت کے اندر مکمل کیے جائیں۔ اس موقع پر سوشل میڈیا کے نمائندوں اور علاقے کے لوگوں سے گفتگو کرتے ہوئے ایس ڈی او نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان کے واضح احکامات ہیں کہ صوبے کے دورافتاد اور پسماندہ علاقوں میں ترقیاتی عمل کو تیز کیا جائے تاکہ عوام کو بنیادی سہولیات ان کی دہلیز تک میسر آسکیں۔ محکمہ مواصلات وتعمیرات اسی وژن کے تحت دن رات کوشاں ہے اور عوامی فلاح کے منصوبوں کی بروقت تکمیل کو اولین ترجیح دی جارہی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ کھجّی روڈ کی تعمیر سے تحصیل درگ اور ملحقہ علاقوں کے مکینوں کو آمدورفت میں درپیش طویل مدتی مشکلات کا خاتمہ ہوگا، جس سے نہ صرف سفری سہولیات بہتر ہوں گی بلکہ علاقے میں معاشی اور تجارتی سرگرمیوں کو بھی زبردست فروغ ملے گا۔ علاقے کے قبائلی عمائدین، کسانوں اور مقامی عوام نے کھجّی روڈ پر کام کے آغاز اور اس کی پیشرفت پر بھرپور اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے حکومت بلوچستان، محکمہ مواصلات وتعمیرات کی کاوشوں کو سراہا ہے۔

بقیہ 32

اور ادارہ جاتی خودمختاری کو متاثر کیا ہے۔ انہوں نے عدالتی معاملات میں انتظامیہ کے بڑھتے ہوئے اثر و رسوخ پر بھی تشویش ظاہر کی اور کہا کہ اس سے عدلیہ کی آزادی اور انصاف کے عمل پر عوامی اعتماد متاثر ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ عہدہ چھوڑنے کے بعد وکالت کے ذریعے عوام کے حقوق کے تحفظ اور قانونی آگاہی کے فروغ کے لیے کام جاری رکھیں گے۔

بقیہ 33

ڈاکٹر ناصر سیج، کنٹرولر امتحانات ڈاکٹر رحیم مہر، جامعہ گوادر کے اساتذہ، انتظامی افسران اور دیگر شرکاء نے شرکت کی۔ سیمینار کے اختتام پر پنک ربن پاکستان کے لیے جامعہ گوادر کی فوکل پرسن میڈم شمع سلیمان نے وائس چانسلر جامعہ گوادر پروفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق صابر کی جانب سے شرکاء کو یادگاری شیلڈز پیش کیں۔ بعد ازاں شرکاء نے جامعہ گوادر کے احاطے میں آگاہی واک کی، جس کا مقصد بریسٹ کینسر سے متعلق شعور اجاگر کرنا اور خواتین کو بروقت تشخیص و احتیاطی تدابیر اپنانے کی ترغیب دینا تھا

بقیہ 34

کوڑا کرکٹ صاف کیا گیا، جبکہ قادری کمپلیکس، پرانے ہسپتال اور سلطانی ٹیپس کے مقامات پر بھی صفائی کے اقدامات کیے گئے۔ شہر سے کوڑا کرکٹ اٹھانے اور اسے مناسب طریقے سے منتقل کرنے کے لیے میونسپل کمیٹی کی جانب سے ٹریکٹر ٹرالی اور سوزوکی بھی استعمال کی جا رہی ہیں، تاکہ مختلف علاقوں میں جمع ہونے والے کچرے کو بروقت ہٹایا جاسکے اور شہریوں کو صاف ستھرا ماحول فراہم کیا جاسکے۔ کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ کے احکامات اور ضلعی انتظامیہ کی ہدایات کے مطابق صفائی کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے میونسپل کمیٹی کا عملہ متحرک ہے۔ اس مہم کا مقصد شہر میں صفائی ستھرائی برقرار رکھنا، نالیوں کی صفائی کے ذریعے نکاسی آب کے نظام کو بہتر بنانا اور شہریوں کو درپیش صفائی کے مسائل کا ازالہ کرنا ہے۔ شہر کو صاف ستھرا رکھنے کے لیے میونسپل کمیٹی کی یہ کوششیں قابلِ تحسین ہیں، جبکہ شہریوں سے بھی اپیل کی جاتی ہے کہ وہ کوڑا کرکٹ مقررہ مقامات پر ڈالیں اور شہر کی صفائی برقرار رکھنے میں انتظامیہ کے ساتھ تعاون کریں۔

بقیہ 35

چالان جمع کرادیا۔ عدالت نے سابق وزیراعلیٰ سہیل آفریدی، کامران بنگش، تیمور سلیم جھگڑا، عرفان سلیم اور عامر چمکنی کے وارنٹ گرفتاری جاری کیے۔

بقیہ 36

کرنے کی ہمت، حوصلہ اور صبر جمیل عطا فرمائے۔ ملک سکندر خان ایڈووکیٹ نے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں وہ مولانا فیض محمد اور ان کے اہلِ خانہ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کی کامل مغفرت فرمائے اور تمام پسماندگان کو صبر و استقامت عطا فرمائے۔ آمین۔

بقیہ 37

27 اکتوبر سے 4 نومبر تک جنوبی کوریا کے دورے پر ہیں، ان کی غیر موجودگی میں جسٹس منیب اختر قائم مقام چیف جسٹس کی ذمہ داریاں انجام دیں گے۔

بقیہ 38

گرفتار کرلیا اور ہمایوں کی گرفتاری کیلئے تلاش جاری ہے۔ ترجمان کے مطابق ویڈیو کے ذریعے پولیس کارروائی کو منفی انداز میں پیش کیا گیا، گرفتار شخص سے مزید تفتیش جاری ہے۔

بقیہ 39

ٹریکنگ اینڈ ٹریس ایبلٹی سسٹم (PTTS) کے مؤثر نفاذ کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا، جس میں متعلقہ محکموں اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں کیمیکل و پریکرسرز کے ذخیرے، ترسیل، نقل و حرکت اور استعمال کی نگرانی، غیر قانونی سرگرمیوں کی روک تھام اور متعلقہ ریکارڈ کی درستگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر سعید الرحمٰن کاکڑ نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ پریکرسرز کی نقل وحرکت پر کڑی نظر رکھی جائے اور PTTS کے تحت تمام متعلقہ معلومات اور ریکارڈ بروقت اپ ڈیٹ کیے جائیں۔ انہوں نے محکموں کے درمیان مؤثر رابطہ کاری اور معلومات کے تبادلے کو یقینی بنانے پر بھی زور دیا۔

بقیہ 40

لیے سازگار تعلیمی ماحول کا قیام تعلیمی معیار میں بہتری کے لیے نہایت اہم ہے۔

بقیہ 41

کیا۔ نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار کا عمان کے وزیر خارجہ سے ٹیلیفونک رابطہ ہوا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق عمانی وزیر خارجہ نے دورہ پاکستان کے دوران پرتپاک میزبانی پر اسحاق ڈار کا شکریہ ادا کیا۔ دونوں وزرائے خارجہ نے تجارت، سرمایہ کاری اور توانائی کے شعبوں میں تعاون مزید فروغ دینے کے لیے دورے کے دوران طے پانے والے امور پر پیش رفت یقینی بنانے پر اتفاق کیا۔ ترجمان کے مطابق دونوں رہنماؤں نے دوطرفہ تعلقات میں پیش رفت کا تسلسل برقرار رکھنے کے لیے اعلیٰ سطح کے روابط اور دوروں کی اہمیت پر زور دیا۔ دونوں وزرائے خارجہ نے علاقائی صورتحال پر بھی تبادلہ خیال کیا اور خطے میں امن واستحکام کے لیے اپنے مشترکہ عزم کا اعادہ کیا۔

بقیہ 42

سکے۔ سردارزادہ میر فیصل خان جمالی نے اس امر پر زور دیا کہ ویٹرنری ریسرچ سینٹر کی استعدادِ کار میں اضافہ وقت کی اہم ضرورت ہے۔ نئی عمارت کی تکمیل سے تحقیقی سرگرمیوں کو فروغ ملے گا، مویشیوں کی صحت سے متعلق سہولیات میں بہتری آئے گی اور بلوچستان بھر کے مالداروں کو براہِ راست فائدہ پہنچے گا۔ انہوں نے متعلقہ حکام پر زور دیا کہ تحقیقی اداروں کی بہتری، تعمیراتی منصوبوں کی بروقت تکمیل اور لائیو اسٹاک کے شعبے میں جدید سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے تاکہ صوبے کی معیشت میں اہم کردار ادا کرنے والے شعبہ مال مویشی کو مزید مستحکم کیا جاسکے۔

بقیہ 43

سیکیورٹی کیمروں کو نقصان پہنچا کر فرار ہوگئے تھے۔ جاری اعلامیہ کے مطابق صوبائی وزیر داخلہ نے رخشان ڈویژن میں تمام تعلیمی اداروں، گرلز کالجز کی سیکیورٹی کو مزید سخت کرنے کی ہدایت کردی۔

بقیہ 44

دیگر نامزد ہیں۔ عدالت نے قرار دیا کہ کیس میں چالان جمع ہوگیا، ملزمان نامزد ہوگئے، کیس میں اب ملزمان کے خلاف وارنٹ گرفتاری جاری ہوں گے۔ چالان کے مطابق ریڈیو پاکستان کی درخواست پر عدالت نے نادرا اور پنجاب فرانزک سے ملزمان کی شناختی تصدیق کروائی، دونوں رپورٹس میں ملزمان کے حملہ کیس میں موجودگی کی تصدیق ہوئی۔ پولیس رپورٹ کے مطابق فرانزک رپورٹ کی روشنی میں سہیل آفریدی کی ریڈیو پاکستان حملے کے مقام پر موجودگی کی تصدیق ہوئی ہے۔ رپورٹ میں تیمور سلیم جھگڑا اور کامران بنگش کی بھی ریڈیو پاکستان حملے کے مقام پر موجودگی کی تصدیق کا کہا گیا ہے۔

بقیہ 45

محصولات کی وصولی، نادہندگان کے خلاف کارروائی اور زیر التواء مقدمات کی موجودہ صورتحال کا بھی جائزہ لیا گیا ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) محمد حسیب شجاع نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ زرعی انکم ٹیکس اور دیگر سرکاری محصولات کی وصولی کے مقررہ اہداف ہرصورت حاصل کیے جائیں اور نادہندگان سے سرکاری واجبات کی وصولی کے عمل میں مزید تیزی لائی جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ ریونیو کی مد میں واجب الادا رقوم کی وصولی میں کسی قسم کی غفلت یا غیر ضروری تاخیر برداشت نہیں کی جائے گیانہوں نے زیر التواء ریونیو مقدمات کو قانون اور قواعد وضوابط کے مطابق ترجیحی بنیادوں پر نمٹانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ عوام کو ریونیو معاملات میں غیر ضروری تاخیر سے بچانے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں اور ہر کیس کو مقررہ قانونی طریقہ کار کے مطابق بروقت نمٹایا جائے ڈپٹی کمشنر نے ریونیو ریکارڈ کی درستگی اور اسے جدید تقاضوں کے مطابق محفوظ بنانے پر بھی زور دیتے ہوئے کہا کہ اراضی ریکارڈ میں کسی قسم کی غلطی، بے ضابطگی یا ریکارڈ کی عدم تکمیل مستقبل میں عوام اور انتظامیہ کے لیے مشکلات کا باعث بن سکتی ہے، اس لیے متعلقہ افسران ریکارڈ کی جانچ پڑتال اور تصدیق کے عمل کو یقینی بنائیں۔ انہوں نے سرکاری اراضی کے تحفظ کے حوالے سے بھی متعلقہ حکام کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ سرکاری زمین پر کسی بھی قسم کے غیر قانونی قبضے یا تجاوزات کی بروقت نشاندہی کی جائے اور قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ محکمہ مال ضلعی انتظامیہ کا ایک اہم شعبہ ہے، جس کی کارکردگی کا براہِ راست تعلق عوامی مسائل کے حل اور سرکاری محصولات کی وصولی سے ہے۔ اس لیے ریونیو افسران اپنے فرائض ایمانداری، شفافیت اور ذمہ داری کے ساتھ انجام دیں اور عوام کو ریونیو سے متعلق امور میں بروقت سہولیات فراہم کریں انہوں نے مزید کہا کہ محکمہ مال کے نظام میں شفافیت، جوابدہی، مؤثر نگرانی اور عوام کو بروقت ریلیف کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ تمام متعلقہ افسران کی کارکردگی کا باقاعدگی سے جائزہ لیا جائے گا، جبکہ فرائض کی انجام دہی میں غفلت، غیر ضروری تاخیر یا کسی بھی قسم کی بے ضابطگی کو برداشت نہیں کیا جائے گا اجلاس کے اختتام پر ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ اجلاس میں دی گئی ہدایات پر مقررہ مدت کے اندر عملدرآمد یقینی بنایا جائے اور آئندہ جائزہ اجلاس میں پیش رفت کی مکمل رپورٹ پیش کی جائے۔

بقیہ 46

علاقوں میں غیر قانونی پانی کے کنکشنز کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے متعدد غیر قانونی کنکشنز منقطع کیے گئے، تاہم اس کے باوجود بعض علاقوں میں شہریوں کو پانی کی قلت کا سامنا ہے اور پانی کی فراہمی کے نظام میں خاطر خواہ بہتری سامنے نہیں آئی ڈپٹی کمشنر نے محکمہ پی ایچ ای کی کارکردگی پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے واضح کیا کہ پانی کی فراہمی، تقسیم، نگرانی اور نظام کو مؤثر انداز میں چلانے کی بنیادی ذمہ داری محکمہ پی ایچ ای اور متعلقہ افسران پر عائد ہوتی ہے۔

بقیہ 47

میں ہزاروں جانوں کی قربانیاں دی ہیں۔ فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ پاکستان کے خلاف کسی بھی جارحیت کا بھرپور عزم اور ثابت قدمی سے جواب دیا جائے گا، وطن عزیز کے ایک ایک انچ کے دفاع کے لیے پاکستان کی مسلح افواج کو پوری قوم کی مکمل حمایت حاصل ہے۔ گورنر کا کہنا تھا کہ کوئی دھمکی یا بزدلانہ کارروائی پاکستان کے دفاع کے قومی عزم کو کمزور نہیں کرسکتی۔ پاکستان کی خودمختاری، علاقائی سلیت اور عوام کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔

بقیہ 48

تشہیر (Disclosure Proactive)، کے موضوع پر پبلک انفارمیشن آفیسرز (PIOs) کی تربیتی ورکشاپ سے اپنے تفصیلی خطاب میں کیا۔ انہوں نے سرکاری محکموں میں شفافیت کے فروغ، قانونی تقاضوں پر عملدرآمد اور شہریوں کو درست، مستند اور بروقت معلومات کی فراہمی کے لیے پبلک انفارمیشن آفیسرز کے کردار کو اہم قرار دیا۔ اس موقع پر ٹرانسپیرنسی انٹرنیشنل پاکستان کے چیئرمین جسٹس (ر) ضیاء پرویز نے استقبالیہ کلمات ادا کرتے ہوئے شرکاء کو خوش آمدید کہا اور معلومات تک رسائی کے حق کو اچھی حکمرانی اور ادارہ جاتی شفافیت کے لیے اہم قرار دیا۔ بلوچستان انفارمیشن کمیشن کے انفارمیشن کمشنر عبدالشکور خان نے بلوچستان رائٹ ٹو انفارمیشن ایکٹ 2021 کے اہم پہلوؤں، بالخصوص سیکشن 5 کے تحت ازخود معلومات کی تشہیر کی اہمیت اور افادیت پر تفصیلی پریزنٹیشن دی۔ انہوں نے وضاحت کی کہ ازخود معلومات کی تشہیر سے مراد ضروری سرکاری معلومات کو پیشگی عوام کے لیے دستیاب بنانا ہے تاکہ شہریوں کو ہر معلومات کے حصول کے لیے الگ سے درخواست دینے کی ضرورت نہ پڑے اور سرکاری معاملات میں شفافیت کو فروغ حاصل ہو۔ ٹرانسپیرنسی انٹرنیشنل پاکستان کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر کاشف علی نے اپنے خطاب میں قانون پر مؤثر عملدرآمد، متعلقہ افسران کی استعدادِ کار میں اضافے اور سرکاری اداروں میں شفافیت کے اصولوں کو عملی طور پر اپنانے کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ آر ٹی آئی ماہر، سابق رکن بلوچستان نیشنل کمیشن برائے انسانی حقوق (NCHR) اور سابق ڈائریکٹر جنرل وزارتِ انسانی حقوق اسلام آباد، پروفیسر فرخندہ اورنگزیب نے پورے پاکستان بالخصوص بلوچستان میں معلومات تک رسائی کے قانونی نظام، اس کی اہمیت اور عملی اطلاق کے حوالے سے تفصیلی گفتگو کرتے ہوئے پبلک انفارمیشن آفیسرز کی ذمہ داریوں اور شہریوں کی معلومات تک رسائی کے حق کے مختلف پہلوؤں کو اجاگر کیا۔ ورکشاپ کا مقصد پبلک انفارمیشن آفیسرز کو بلوچستان رائٹ ٹو انفارمیشن ایکٹ 2021 کے تقاضوں، خصوصاً سیکشن 5 کے تحت ازخود معلومات کی تشہیر، کے بارے میں آگاہی فراہم کرنا اور سرکاری محکموں میں معلومات کی فراہمی کے نظام کو مزید مؤثر بنانا تھا۔ مقررین نے اس امر پر زور دیا کہ قانون پر مؤثر عملدرآمد، معلومات کی بروقت فراہمی اور ادارہ جاتی تعاون کے ذریعے شفافیت اور جوابدہی کو فروغ دیا جا سکتا ہے۔ تربیتی ورکشاپ کے اختتام پر شرکاء میں اسناد بھی تقسیم کی گئیں۔

بقیہ 49

کیا۔ ملاقات کے دوران پاکستان اور آذربائیجان کے درمیان قانونی شعبے میں باہمی تعاون، ادارہ جاتی روابط کے فروغ اور دوطرفہ تعلقات کو مزید وسعت دینے کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفاقی وزیر نے بتایا کہ گزشتہ ایک سال کے دوران پاکستان اور آذربائیجان کے درمیان تین تربیتی ورکشاپس کا انعقاد کیا گیا جو قانونی شعبے میں دونوں ممالک کے تعاون کی عکاسی ہے۔ اس موقع پر آذربائیجان کے سفیر عرفان دادوف نے کاراباخ کے معاملے پر پاکستان کی مسلسل حمایت پر حکومت پاکستان کا شکریہ ادا کیا۔ ملاقات میں دونوں ممالک کے درمیان قانونی اور ادارہ جاتی تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اظہار کیا گیا۔

بقیہ 50

ٹرانسپورٹرز ایکشن کمیٹی کے صدر حاجی حبیب اللہ بادیزئی، جنرل سیکرٹری میر اکبر لہڑی، حاجی موسی جان اچکزئی، حاجی نصر اللہ دھوار، علی محمد اچکزئی، حاجی لعل محمد مشوانی، آل بلوچستان آئل ٹینکرز ایسوسی ایشن کے صدر حاجی داد کرد، حاجی یاسین بنگلزئی، نور محمد، بلوچستان گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن کے صدر حاجی نور محمد شاہوانی، نائب صدر خدائیداد شاہوانی، حاجی عطا اللہ کاکڑ، منی مزدا ٹرک ایسوسی ایشن کے چیئرمین حاجی بابو ریئسانی، صدر قدیم اللہ بڑیچ، جنرل سیکرٹری یونس پٹھان اور دیگر رہنماں نے اپنے مشترکہ اعلامیے میں کہا کہ سنگداس پولیس چیک پوسٹ پر چھوٹی گاڑیوں کے ڈرائیوروں کو مبینہ طور پر بلاجواز تنگ کرنے اور ان سے بھتہ وصول کرنے کی شکایات انتہائی تشویش ناک ہیں۔ محنت مزدوری کر کے اپنے خاندانوں کا پیٹ پالنے والے ڈرائیور پہلے ہی مہنگائی، کاروباری مشکلات اور اخراجات میں اضافے سے پریشان ہیں، ایسے میں انہیں مزید مشکلات سے دوچار کرنا کسی صورت قابل قبول نہیں۔ انہوں نے کہا کہ ٹرانسپورٹ کا شعبہ پہلے ہی مختلف مسائل کا شکار ہے، جبکہ راستوں میں قائم چیک پوسٹوں پر مبینہ غیر قانونی وصولیوں اور بلاجواز روک ٹوک سے ٹرانسپورٹرز کی مشکلات میں مزید اضافہ ہو رہا ہے۔ چھوٹی گاڑیوں کے مالکان اور ڈرائیوروں کے لیے روزگار جاری رکھنا مشکل بنتا جا رہا ہے، جس کے منفی اثرات نہ صرف ٹرانسپورٹ کے کاروبار بلکہ عام شہریوں اور محنت کش طبقے پر بھی مرتب ہو رہے ہیں۔ مشترکہ اعلامیہ میں متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا گیا کہ سنگداس پولیس چیک پوسٹ کے حوالے سے موصول ہونے والی شکایات کا فوری نوٹس لیا جائے، مبینہ بھتہ خوری اور ڈرائیوروں کو بلاجواز تنگ کرنے کے واقعات کی شفاف تحقیقات کی جائیں اور ذمہ دار عناصر کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے۔ بیان میں وزیر اعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی آئی جی بلوچستان پولیس اور دیگر احکام سے اپیل کی گئی ہے۔

TENDER NOTICE

TSE-2627101215403 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The EXECUTIVE ENGINEER BUILDING DERA BUGTI invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

Tender Fee 2000 PKR and bid Security 2%

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	Construction of AC Office, and Houses of Newly Created Sub Division Shaheed Fazal Khan Shambzai at Upper Dera Bugti PSDP NO 141 Z2026.0603	48,275,862

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 2 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 33,793,103 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm Bid Security 2% of the Estimated Cost Tender Document Fee Rs.2000 in account of C-02716 The Bidder must not have any pending litigation or court cases related to contractual disputes, fraud, corruption, or other serious offenses. The Bidder must not have been involved in any contract breach or termination Completed at Least 02 Projects of Similar Nature and complexity projects Cost 60% or above under taken in last 05 Years **Procedure Of Procurement:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 12 November, 2026 till 12:00 PM through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the 01:00 PM on EPPS System Address: Mian Road, Dera Bugti

Phone no: 0835410162Fax no: 0835410562

Email: Aijazhussainxenbuilding@gmail.com

Executive Engineer Building
CWPP&H Department District
Dera Bugti

DPRO/PRQ No.2091/28-10-2026

TENDER NOTICE

TSE-2627101215103 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The EXECUTIVE ENGINEER BUILDING DERA BUGTI invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

Tender Fee 2000 PKR and bid Security 2%

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	Building for CVH Sarmor, District Uper Dera Bugt PSDP NO 2914 Z2026.3676	12,903,187

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 2 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 9,032,230 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm Bid Security 2% of the Estimated Cost Tender Document Fee Rs.2000 in account of C-02716 The Bidder must not have any pending litigation or court cases related to contractual disputes, fraud, corruption, or other serious offenses. The Bidder must not have been involved in any contract breach or termination Completed at Least 02 Projects of Similar Nature and complexity projects Cost 60% or above under taken in last 05 Years **Procedure Of Procurement:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed 2,000 PKR **Issuance of tender documents:** From the date of publication of NIT to 12 November, 2026during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 12 November, 2026till 12:00 PM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 01:00 PM Address: Mian Road, Dera Bugti

Phone no: 0835410162Fax no: 0835410562
Email: Aijazhussainxenbuilding@gmail.com

Executive Engineer Building
CWPP&H Department District
Dera Bugti

DPRO/PRQ No.2084/28-10-2026

TENDER NOTICE

TSE-2627101216733 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The EXECUTIVE ENGINEERII PROVINCIAL B&R KOHLU invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

Tender Fee 1000 PKR and bid Security 2%

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	Construction of Office for AC Maiwand District Kohlu	28,684,424

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 2 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 20,079,096 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm Registration with Pakistan Engineering council (PEC) C-5 and above (Upto 65 million)In Relevant Category And Specialized Code is CE11(i) (General engineering Works only). **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed 1,000 PKR **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 13 November, 2026during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 13 November, 2026till 10:00 AM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 11:00 AM Address: Office of Executive Engineer-II Provincial B&amp;R District Kohlu Phone no: 3458047098
Email: engr.naeemzmiri@gmail.com

EXECUTIVE ENGINEER (Building)
CWPP&H Department
District Kohlu

DPRO/PRQ No.2107/28-10-2026

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

روزنامہ اطلاعِ عام کوئٹہ
بروز جمعرات 29اکتوبر2026ء

Government of Balochistan
OF CULTURE
Balochistan

کوئٹہ، ڈائریکٹر کلچر ڈاکٹر داؤد ترین نظامت ثقافت بلوچستان کے زیراہتمام منعقدہ آل پاکستان محفل مشاعرہ کے موقع پر نامور شعراء کرام کو ان کی ادبی خدمات کے اعتراف میں اعزازی شیلڈز پیش کررہے ہیں

شہر میں بدامنی، چوری اور ڈکیتی کی وارداتوں پر جے یو آئی کوئٹہ کا شدید اظہارِ تشویش

ہزار گنجی کے مقتول محمد طاہر کے قاتلوں کو فوری گرفتار کیا جائے، مولانا عبدالرحمٰن رفیق

کوئٹہ (یو این اے) جمیعت علما اسلام ضلع کوئٹہ کی ضلعی مجلس عاملہ کا اجلاس ضلعی امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق کی زیرِ صدارت ضلعی دفتر میں منعقد ہوا جس میں ضلعی سماجی کمیٹیوں کی کارکردگی رپورٹس کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ضلعی مجلس عمومی کے گزشتہ اجلاس میں پیش کردہ اراکین کی آرا و تجاویز شہری مسائل اور دیگر اہم جماعتی امور پر تفصیلی غور وخوض کیا گیا جبکہ جماعت کی فعالیت میں مزید بہتری اور عوامی مسائل کے حل کے لیے اہم فیصلے کیے گئے۔ اجلاس میں کوئٹہ کے مختلف علاقوں بالخصوص ہزار گنجی، قمبرانی روڈ، سریاب، بائی پاس اور دیگر مقامات پر چوری ڈکیتی اور قتل و غارت گری کے بڑھتے ہوئے واقعات پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے امن و امان کی بگڑتی صورت حال کی مذمت کی گئی۔ شرکا نے کہا کہ شہریوں کے جان و مال کا تحفظ حکومت اور انتظامیہ کی بنیادی ذمہ داری ہے لہذا جرائم کی روک تھام ملزمان کی گرفتاری اور شہریوں کو تحفظ فراہم کرنے کے لیے اقدامات کیے جائیں۔ اجلاس میں ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب

(بقیہ30اندرونی صفحہ 3 پر)

ڈپٹی کمشنر بارکھان سعید الرحمان کی زیرِ صدارت اجلاس منعقد

پریکرسرز کی نقل وحرکت پر کڑی نظر رکھی جائے اور تمام ریکارڈ بروقت اپ ڈیٹ کیے جائیں، گفتگو

بارکھان (خ ن) ڈپٹی کمشنر بارکھان سعید الرحمٰن کاکڑ کی زیرِ صدارت کیمیکل و پریکرسرز کی نگرانی اور پریکرسرز ٹریکنگ اینڈ ٹریس ایبلٹی سسٹم (PTTS) کے مؤثر نفاذ کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا، جس میں متعلقہ محکموں اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں کیمیکل و پریکرسرز کے ذخیرے، ترسیل، نقل وحرکت اور استعمال کی نگرانی، غیر قانونی سرگرمیوں کی روک تھام اور متعلقہ ریکارڈ کی درستگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر سعید الرحمٰن کاکڑ نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ پریکرسرز کی نقل و حرکت پر کڑی نظر رکھی جائے اور PTTS کے تحت تمام متعلقہ معلومات اور ریکارڈ بروقت اپ ڈیٹ کیے جائیں۔ انہوں نے محکموں کے درمیان مؤثر رابطہ کاری اور معلومات کے تبادلے کو یقینی بنانے پر بھی زور دیا۔ ڈپٹی کمشنر بارکھان سعید الرحمٰن کاکڑ کی زیرِ صدارت کیمیکل و پریکرسرز کی نگرانی اور پریکرسرز

(بقیہ39اندرونی صفحہ 3 پر)

ڈویژنل مانیٹرنگ آفیسر مکران کا گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج گوادر کا دورہ، تعلیمی امور کا جائزہ

پروفیسر برکت اسماعیل نے طالبات کی حوصلہ افزا تعداد اور بہترین حاضری پر اطمینان کا اظہار

گوادر (خ ن) ڈویژنل مانیٹرنگ آفیسر (کالجز) مکران ڈویژن پروفیسر برکت اسماعیل نے گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج گوادر کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے فیکلٹی ممبران کے ساتھ اجلاس میں تعلیمی و تدریسی سرگرمیوں، طالبات کی حاضری اور کالج کے انتظامی امور کا جائزہ لیا اس موقع پر کالج کے پرنسپل سیمین بلوچ نے ڈویژنل مانیٹرنگ آفیسر مکران کو کالج کے کارکردگی اور اب تک کی پیش رفت سے انہیں آگاہ کیا ڈویژنل مانیٹرنگ آفیسر مکران ڈویژن پروفیسر برکت اسماعیل نے طالبات کی حوصلہ افزا تعداد اور بہترین حاضری پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے معیاری تعلیم کے فروغ، تدریسی عمل میں بہتری اور طالبات کی تعلیمی استعداد بڑھانے کی اہمیت پر زور دیا انہوں نے کہا کہ تعلیمی اداروں کی مؤثر نگرانی، اساتذہ کی ذمہ داریوں کی ادائیگی اور طالبات کے

(بقیہ40اندرونی صفحہ 3 پر)

اسحاق ڈار کا عمانی ہم منصب سے ٹیلیفونک رابطہ، دوطرفہ تعاون بڑھانے پر اتفاق

دونوں رہنماؤں نے دوطرفہ تعلقات میں پیش رفت کا تسلسل برقرار رکھنے کے لیے اعلیٰ سطح کے روابط اور دوروں کی اہمیت پر زور دیا

دونوں وزرائے خارجہ نے علاقائی صورتحال پر بھی تبادلہ خیال کیا اور خطے میں امن واستحکام کے لیے اپنے مشترکہ عزم کا اعادہ کیا، وزارت خارجہ

اسلام آباد (اے این این) نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار کا عمان کے وزیر خارجہ سے ٹیلیفونک رابطہ ہوا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق عمانی وزیر خارجہ نے دورہ پاکستان کے دوران پرتپاک میزبانی پر اسحاق ڈار کا شکریہ ادا کیا۔ دونوں وزرائے خارجہ نے تجارت، سرمایہ کاری اور توانائی کے شعبوں میں تعاون مزید فروغ دینے کے لیے دورے کے دوران طے پانے والے امور پر پیش رفت یقینی بنانے پر اتفاق کیا۔ ترجمان کے مطابق دونوں رہنماؤں نے دوطرفہ تعلقات میں پیش رفت کا تسلسل برقرار رکھنے کے لیے اعلیٰ سطح کے روابط اور دوروں کی اہمیت پر زور دیا۔ دونوں وزرائے خارجہ نے علاقائی صورتحال پر بھی تبادلہ خیال کیا اور خطے میں امن واستحکام کے لیے اپنے مشترکہ عزم کا اعادہ

(بقیہ41اندرونی صفحہ 3 پر)

وفاقی وزیر قانون سے آذربائیجان کے سفیر کی ملاقات

شعبہ قانون میں تعاون، ادارہ جاتی روابط اور دوطرفہ تعلقات کو وسعت دینے بارے تبادلہ خیال کیا

اسلام آباد (یو این اے) وفاقی وزیر برائے قانون و انصاف سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ پاکستان اور آذربائیجان کے تعلقات مضبوط حکومتی روابط کے علاوہ مذہبی، ثقافتی اور تاریخی رشتوں پر استوار ہیں، دونوں ممالک کے درمیان قانونی امور اور انفارمیشن ٹیکنالوجی سمیت مختلف شعبوں میں تعاون جاری ہے۔ ترجمان کے مطابق سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے ان خیالات کا اظہار بدھ کو پاکستان میں آذربائیجان کے سفیر عرفان دادوف اور ان کے وفد سے ملاقات کے دوران کیا۔ وفاقی وزیر نے آذربائیجان کے سفیر کو پاکستان میں سفارتی ذمہ داریاں سنبھالنے پر خوش آمدید کہا اور آذربائیجان کے وزیر انصاف کے ساتھ دیرینہ برادرانہ اور دوستانہ تعلقات کا اظہار

(بقیہ49اندرونی صفحہ 3 پر)

حکومت سے مذاکرات، پی ٹی آئی اسٹیئرنگ کمیٹی کیلئے باقی چار نام سامنے آگئے

بیرسٹر گوہر، چیف وہپ عامر ڈوگر، سینیٹر بیرسٹر علی ظفر اور پیر نورالحق قادری کو شامل کرنے کی تجویز

اسلام آباد (جی این ایم) حکومت سے مذاکرات اور پارلیمانی معاملات چلانے کیلئے پاکستان تحریک انصاف کی مجوزہ چھ رکنی اسٹیئرنگ کمیٹی کے باقی چار ارکان کے نام سامنے آگئے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق کمیٹی میں بیرسٹر گوہر، چیف وہپ عامر ڈوگر، سینیٹر بیرسٹر علی ظفر اور پیر نورالحق قادری کو شامل کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔ پی ٹی آئی پارلیمانی کمیٹی نے چھ رکنی سٹیئرنگ کمیٹی بنانے کی تجویز دی تھی جس کی سربراہی محمود خان اچکزئی اور علامہ راجا ناصر عباس کریں گے۔ ذرائع کے مطابق دیگر چار اراکین میں بیرسٹر گوہر، چیف وہپ عامر ڈوگر، بیرسٹر سینیٹر علی ظفر اور پیر نورالحق قادری کے نام سامنے آئے

جامعہ گوادر، انڈس ہسپتال گوادر اور پنک ربن پاکستان کے اشتراک سے منعقدہ بریسٹ کینسر آگاہی سیمینار میں شرکاء اپنے خیالات کا اظہار کررہے ہیں

ڈپٹی کمشنر کیچ سے ڈی ایچ او کی ملاقات، صحت عامہ سے متعلق امور پر تبادلہ خیال

صحت کے شعبے میں عوامی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے موثر اقدامات اٹھائے جائیں

تربت (خ ن) ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی سے ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر کیچ ڈاکٹر عبدالروف بلوچ اور ڈپٹی ڈی ایچ او کیچ ڈاکٹر محسن منیر بلیدئی نے ملاقات کی جس میں ضلع کیچ میں صحت عامہ کی مجموعی صورتحال ٹیچنگ ہسپتال تربت کو درپیش مسائل، طبی سہولیات کی بہتری اور ہسپتال میں مختلف آسامیوں پر تقرریوں سمیت اہم امور پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ زیرِ بحث آئے۔ اس موقع پر اس امر پر زور دیا گیا کہ صحت کے شعبے میں عوامی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے موثر اقدامات اٹھائے جائیں

حنیف عباسی کا بلوچستان میں 9 دہشتگردوں کو ہلاک کرنے پر فورسز کو خراجِ تحسین

دہشت گردوں اور ان کے غیر ملکی سرپرستوں کے ناپاک عزائم کو ہر صورت ناکام بنایا جائے گا

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیرِ برائے ریلوے محمد حنیف عباسی نے بلوچستان کے اضلاع کچھی اور وڈھ میں کامیاب کارروائی کے دوران 9 دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سکیورٹی فورسز کو زبردست خراجِ تحسین پیش کیا ہے۔ وزارت ریلوے سے جاری بیان کے مطابق محمد حنیف عباسی نے کہا کہ سکیورٹی فورسز نے بروقت اور مؤثر کارروائی کرتے ہوئے دہشت گردوں کے ٹھکانے تباہ کر دیے اور دشمن کے مذموم عزائم کو خاک میں ملا دیا۔ سرپرستوں کے ناپاک عزائم کو ہر صورت ناکام بنایا جائے گا

معلومات تک رسائی شفاف حکمرانی، جوابدہی اور عوامی اعتماد کے فروغ کیلئے بنیادی اہمیت رکھتی ہے، عمران خان

سرکاری اداروں میں معلومات کی بروقت فراہمی سے عوام کو حکومتی امور سے باخبر رکھنے میں مدد ملتی ہے، سیکریٹری اطلاعات بلوچستان

پبلک انفارمیشن آفیسرز کی تربیت کا مقصد سرکاری محکموں میں معلومات کی فراہمی کے نظام کو مزید مؤثر بنانا ہے، پبلک انفارمیشن آفیسرز کی تربیتی ورکشاپ سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) صوبائی سیکریٹری اطلاعات حکومتِ بلوچستان عمران خان نے کہا ہے کہ معلومات تک رسائی کا حق شفاف طرزِ حکمرانی، جوابدہی اور عوامی اعتماد کے فروغ کے لیے بنیادی اہمیت رکھتا ہے، جبکہ سرکاری اداروں میں معلومات کی بروقت اور مؤثر فراہمی سے عوام کو حکومتی امور سے باخبر رکھنے اور ادارہ جاتی کارکردگی کو بہتر بنانے میں مدد ملتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ٹرانسپیرنسی انٹرنیشنل پاکستان کے زیرِ اہتمام، بلوچستان انفارمیشن کمیشن کے اشتراک سے بلوچستان رائٹ ٹو انفارمیشن ایکٹ 2021 کے سیکشن 5، یعنی ازخود معلومات کی

(بقیہ48اندرونی صفحہ 3 پر)

ٹرمپ حکومت کی امریکی مڈٹرم الیکشن

کے بعد ایران پر بڑے حملے کی تیاری

واشنگٹن (جی این ایم) امریکی اخبار وال اسٹریٹ جنرل نے کہا ہے کہ ٹرمپ انتظامیہ نے امریکی انتخابات کے بعد ایران حملوں سے متعلق خلیجی ممالک کو آگاہ کردیا ہے اور ممکنہ امریکی کارروائی میں ایرانی جوہری تنصیبات اور بنیادی ڈھانچے کو نشانہ بنانے پر غور کیا جارہا ہے۔ وال اسٹریٹ جنرل کی رپورٹ کے مطابق امریکی فوج ٹیکساس سے پیٹریاٹ میزائل دفاعی نظام کا اضافی یونٹ اسرائیل منتقل کررہی ہے جبکہ ایک اضافی طیارہ بردار بحری بیڑے کا جنگی

(بقیہ29اندرونی صفحہ 3 پر)

کوئٹہ میں پولیس کے خلاف ویڈیو بنانے

پر دوافراد کے خلاف مقدمہ درج

کوئٹہ (جی این ایم) کوئٹہ میں پولیس کے خلاف ویڈیو بنانے پر دوافراد کے خلاف مقدمہ درج، ایک کو گرفتار کرلیا گیا۔ ترجمان کوئٹہ پولیس کے مطابق سوشل میڈیا ایکٹوسٹ کی جانب تھانہ انڈسٹریل ایریا پولیس کے ایگل اسکواڈ کی جائز کارروائی کی ویڈیو بنا کر سوشل میڈیا پر شیئر کرنے کے الزام میں شوکت علی اور ہمایوں علی کے خلاف مقدمہ درج کرلیا گیا ہے جبکہ پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے شوکت علی کو

(بقیہ38اندرونی صفحہ 3 پر)

جسٹس منیب اختر نے قائم مقام چیف

جسٹس سپریم کورٹ کا حلف اٹھالیا

اسلام آباد (جی این ایم) جسٹس منیب اختر نے قائم مقام چیف جسٹس سپریم کورٹ آف پاکستان کے عہدے کا حلف اٹھالیا۔ جسٹس محمد علی مظہر نے جسٹس منیب اختر سے قائم مقام چیف جسٹس کے عہدے کا حلف لیا، حلف برداری کی تقریب سپریم کورٹ ججز بلاک میں ہوئی، تاہم تقریب حلف برداری میں ججز لا افسران اور عدالتی سٹاف شریک ہوئے۔ واضح رہے کہ چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس یحیی آفریدی

(بقیہ37اندرونی صفحہ 3 پر)

گنداخہ، ڈپٹی کمشنر کی زیرِ نگرانی کھلی کچہری عوامی

مسائل کے حل کے لیے فوری احکامات جاری

اوستہ محمد (اے این این) ضلع اوستہ محمد کی تحصیل گنداخہ میں ڈپٹی کمشنر محمد رمضان پلال کی زیرِ نگرانی گورنمنٹ ہائی اسکول گنداخہ میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا جس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر محمد اسماعیل لاشاری اسسٹنٹ کمشنر ماریہ شمعون مختلف سرکاری محکموں کے افسران علاقائی عمائدین اور شہریوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ کھلی کچہری کا مقصد عوامی مسائل سے براہِ راست آگاہی حاصل کرنا

کچھی کینال میں دیناری اور جاکرانی قبائل کے

درمیان مسلح تصادم، ہلاکتوں کی اطلاعات

ڈیرہ بگٹی (اے این این) کچھی کینال ڈیرہ بگٹی سوئی کے علاقے میں دیناری اور جاکرانی قبائل کے درمیان مسلح تصادم کے نتیجے میں ہلاکتوں کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق جاں بحق ہونے والوں میں لیاقت جاکرانی بگٹی اور طارق قلندرانی بگٹی کے نام سامنے آ رہے ہیں۔ واقعے کے بعد علاقے میں کشیدگی برقرار ہے، تصدیق کا انتظار ہے۔

افغانستان میں طالبان نے قرنیے

کی پیوندکاری پر پابندی لگادی

کابل (جی این ایم) افغانستان میں طالبان کی حکومت نے قرنیے کی پیوندکاری پر پابندی لگادی۔ برطانوی اخبار کے مطابق طالبان حکام نے قرنیے کی پیوندکاری کو اسلامی تعلیمات کے خلاف قرار دیا ہے اورڈاکٹروں کو قرنیے کی پیوندکاری کے آپریشنز روکنے کا حکم دیا ہے۔ اس حوالے سے افغان ڈاکٹر کا کہنا ہے کہ پابندی کے باعث سیکڑوں افراد بینائی بحال کرنے کے علاج سے محروم ہوسکتے ہیں، دارالحکومت کابل کے اسپتال میں پابندی سے پہلے قرنیے کی پیوندکاری کے 90 آپریشن کیے گئے۔ ڈاکٹر نور زمان ہاشم نے کہا ہے کہ طالبان نے زبانی طور پر قرنیے کی پیوندکاری روکنے کی ہدایت کی ہے۔ ختم کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

ڈسٹرکٹ چیئرمین گوادر کا گورنمنٹ بوائز مڈل اسکول نگور شریف کا دورہ

دو اساتذہ غیر حاضر پائے جانے پر ڈسٹرکٹ چیئرمین نے سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے نوٹس لینے کی ہدایت کی

گوادر/نگور شریف (خ ن) ڈسٹرکٹ چیئرمین گوادر شئے مختار نے گورنمنٹ بوائز مڈل اسکول نگور شریف کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے تدریسی عمل، طلبہ کی تعلیمی استعداد اور اساتذہ کی حاضری کا جائزہ لیا اور مختلف کلاسوں میں طلبہ سے تعلیمی اور عمومی معلومات کے سوالات کیے، جن کے طلبہ نے اعتماد کے ساتھ جوابات دینے پر انہوں نے طلبہ کی کارکردگی کو سراہا جبکہ اسکول کے حاضری رجسٹر اور دیگر ریکارڈ کی جانچ پڑتال کے دوران دو اساتذہ غیر حاضر پائے گئے،

(بقیہ28اندرونی صفحہ 3 پر)

موسیٰ خیل کی تحصیل درگ میں کھجّی روڈ کی تعمیر ومرمت کا کام انتہائی تیزی سے جاری

کھجّی روڈ کی تعمیر سے مقامی مکینوں کو آمدورفت میں درپیش طویل مدتی مشکلات کا خاتمہ ہوگا

موسیٰ خیل (خ ن) حکومت بلوچستان کے مواصلات وتعمیرات کی ترقی کے ویژن اور وزیر اعلیٰ بلوچستان کے خصوصی احکامات کی روشنی میں ضلع موسیٰ خیل کی تحصیل درگ میں کھجّی روڈ کی تعمیر ومرمت کا کام انتہائی تیزی سے جاری ہے۔ اس سلسلے میں ایس ڈی او مواصلات وتعمیرات احمد سعید جعفر نے کھجّی روڈ پر جاری ترقیاتی کام کا تفصیلی معائنہ کیا۔ معائنے کے

(بقیہ31اندرونی صفحہ 3 پر)

لورالائی شہر میں میونسپل کمیٹی کی نگرانی میں صفائی مہم کا عمل باقاعدگی سے جاری

شہر میں صفائی ستھرائی برقرار رکھنے اور نکاسی آب کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے اقدامات کیے جائیں

لورالائی (خ ن) کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ کے احکامات اور ڈپٹی کمشنر لورالائی کی ہدایات پر چیئرمین میونسپل کمیٹی طاہر خان ناصر اور چیف آفیسر میونسپل کمیٹی محیب اللہ بلوچ کی نگرانی میں شہر بھر میں صفائی مہم جاری ہے، جس کے تحت مختلف محلوں، سڑکوں اور عوامی مقامات پر صفائی کا کام باقاعدگی سے انجام دیا جارہا ہے۔ میونسپل کمیٹی کے صفائی عملے نے سپروائزرز کی نگرانی میں دوبیگاٹ زون کے محلّہ حاجی رازق موسیٰ خیل، ہزارہ زون کے محلّہ امیر زمان اور اسلامی مسجد روڈ سمیت مختلف علاقوں میں نالیوں کی صفائی کی۔ اس کے علاوہ بھنڈار محلّہ میں

(بقیہ34اندرونی صفحہ 3 پر)

ملک سکندر ایڈووکیٹ کا مولانا فیض محمد کی اہلیہ کے انتقال پر اظہارِ افسوس

مرحومہ کی وفات پر دلی دکھ ہوا، اللہ تعالیٰ انہیں جوارِ رحمت میں جگہ اور اہلِ خانہ کو صبرِ جمیل عطا فرمائے

کوئٹہ (اے این این) جمیعت علمائے اسلام کے مرکزی جوائنٹ سیکرٹری اور سابق اسپیکر بلوچستان اسمبلی ملک سکندر خان ایڈووکیٹ نے جمیعت علمائے اسلام بلوچستان کے سابق امیر اور سابق سینیٹر مولانا فیض محمد کی اہلیہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی بیان میں ملک سکندر خان ایڈووکیٹ نے مولانا فیض محمد، ان کے صاحبزادگان اور دیگر اہلِ خانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مرحومہ کے انتقال کی خبر سن کر دلی صدمہ ہوا۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اپنے جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور ان کے ساتھ اپنے شایانِ شان رحم و کرم کا معاملہ فرمائے۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کی اولاد اور ان کے نیک اعمال کو ان کے لیے صدقہ جاریہ بنائے اور سوگوار خاندان کو یہ صدمہ برداشت

(بقیہ36اندرونی صفحہ 3 پر)

صوبائی وزیر فیصل جمالی کا ویٹرنری ریسرچ سینٹر کا تفصیلی دورہ

زیرِ تعمیر عمارت کا معائنہ، معیار پر سمجھوتہ نہ کرنے اور منصوبہ مقررہ مدت میں مکمل کرنے کی ہدایت

گنداخہ+کوئٹہ (اے این این): صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردارزادہ میر فیصل خان جمالی نے ویٹرنری ریسرچ سینٹر کوئٹہ کا تفصیلی دورہ کیا، جہاں سیکرٹری لائیو اسٹاک محمد صالح بلوچ اور ڈائریکٹر جنرل ریسرچ ڈاکٹر محمد موسیٰ بھی ان کے ہمراہ تھے۔ دورے کے موقع پر صوبائی وزیر کو سینٹر کے مختلف شعبہ جات، جدید لیبارٹریز اور جاری تحقیقی منصوبوں سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ صوبائی وزیر سردارزادہ میر فیصل خان جمالی نے سینٹر میں زیرِ تعمیر عمارت کا خصوصی معائنہ کرتے ہوئے جاری تعمیراتی کام کی رفتار اور معیار کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر متعلقہ انجینئرز اور ٹھیکیدار نے تعمیراتی منصوبے کی پیش رفت اور مختلف مراحل کے حوالے سے انہیں آگاہ کیا۔ صوبائی وزیر نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ تعمیراتی کام میں معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ برداشت نہیں کیا جائے گا اور منصوبے کو مقررہ مدت کے اندر مکمل کیا جائے تا کہ تحقیقی سہولیات کو جلد فعال اور مزید مؤثر بنایا جا

(بقیہ42اندرونی صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل بیوٹمز یونیورسٹی ژوب کیمپس کے اسٹوڈنٹس سے گفتگو کررہے ہیں

الیکشن کمیشن کا 12 قبائلی اضلاع کو چھوڑ کر خیبر پختونخوا میں بلدیاتی انتخابات کرانے کا حکم

جن اضلاع میں حد بندی نہیں ہوئی وہاں حلقہ بندیوں کا شیڈول جاری کیا جائے گا، محفوظ فیصلہ جاری

اسلام آباد (اے این این) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے خیبر پختونخوا میں بلدیاتی انتخابات میں تاخیر سے متعلق کیس کا فیصلہ جاری کرتے ہوئے 12 قبائلی اضلاع کے علاوہ صوبے کے دیگر اضلاع میں بلدیاتی الیکشن کرانے کا حکم دے دیا۔ چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجا کی سربراہی میں 5 رکنی بینچ نے بلدیاتی انتخابات سے متعلق محفوظ فیصلہ سنایا، جس میں خیبر پختونخوا کے جن اضلاع میں حلقہ بندیوں کا عمل مکمل ہو چکا ہے، وہاں فوری طور پر بلدیاتی انتخابات کا انعقاد یقینی بنانے کا حکم دیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ الیکشن کمیشن نے جن اضلاع میں حد بندی نہیں ہوئی وہاں حلقہ بندیوں کا شیڈول جاری کرنے کی ہدایت بھی کی ہے۔ یاں اور بلدیاتی انتخابات نہیں ہوں گے۔

ہم بے گناہ ہیں، ہمیں پنجرے میں رکھ کر ٹرائل کیا گیا، ایمان مزاری

پراسیکیوشن نے جان بوجھ کر ویڈیو کی اصل ٹرانسکرپٹ چھپائی، جو پراسیکیوشن کے جھوٹ کا پردہ فاش کرتی ہے

اسلام آباد (اے این این) اسلام آباد کی انسدادِ دہشت گردی عدالت میں بیریئر ہٹانے اور کارِ سرکار میں مداخلت کے مقدمے میں ایمان مزاری اور ہادی علی کا ضابطہ فوجداری کی دفعہ 342 کے تحت ریکارڈ کرایا گیا بیان سامنے آ گیا۔ ایمان مزاری نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ یہ بیان احتجاجاً جمع کرا رہی ہوں، کرکٹ ٹیم اس راستے سے گزر ہی نہیں رہی تھی اور پولیس نے خود بتایا تھا کہ ٹیم دوسرے راستے سے جا چکی ہے۔ ایمان مزاری کا کہنا ہے کہ سڑک کی عارضی بندش کے لئے پولیس کے پاس مجسٹریٹ کا حکم موجود نہیں تھا، ہمیں بطور وکیل انسدادِ دہشت گردی عدالت پہنچنا تھا بعد سڑک کھولنے کی درخواست کی، غیر قانونی طور پر سڑکیں بند کرنے سے شہریوں کی نقل وحرکت کے آئینی حقوق متاثر ہوتے ہیں۔

طائف کی جانب داغا گیا بیلسٹک میزائل فضا میں تباہ کردیا، سعودی فوجی اتحاد

میزائلوں کا ملبہ گرنے سے ایک عمارت، تعمیراتی سائٹ اور گاڑی کو نقصان پہنچا

ریاض (جی این ایم) سعودی فوجی اتحاد نے کہا ہے کہ طائف پر حوثیوں کی جانب سے داغے گئے بیلسٹک میزائل کو روک کر تباہ کر دیا۔ عرب میڈیا کے مطابق سعودی سول ڈیفنس نے کہا ہے کہ سعودی دارالحکومت ریاض میں حوثی میزائلوں کا ملبہ گرنے سے ایک عمارت، تعمیراتی سائٹ اور گاڑی کو نقصان پہنچا ہے۔ سعودی شہروں جدہ اور ینبع میں جاری کی گئی ممکنہ حملے کی وارننگ کچھ دیر بعد واپس لے لی گئی۔ سعودی شہری دفاع نے شہریوں اور مقیم غیر ملکیوں کو حفاظتی ہدایات پر عمل کرنے کی تاکید کی ہے، میزائلوں یا ڈرونز کو روکنے کے واقعات اور ان کے ممکنہ گرنے کے مقامات کی ویڈیوز بنانے یا پھیلانے پر قانونی کارروائی کا انتباہ بھی جاری کیا گیا ہے۔ حکام نے غیر مصدقہ ویڈیوز اور افواہیں

خلیجی جنگ میں لاپتہ افراد کی تلاش اور شناخت کا عمل تیز کیا جائے، پاکستان

کویتی املاک، بالخصوص قومی آرکائیوز اور تاریخی ریکارڈ کی تلاش اور واپسی کو ترجیح دی جانی چاہیے

نیویارک (جی این ایم) پاکستان نے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل پر زور دیا ہے کہ 1990 میں عراق کے کویت پر حملے کے بعد سے لاپتا کویتی شہریوں کی شناخت اور ان کے انجام کا تعین کرنے کے لئے کوششیں تیز کی جائیں تاکہ کئی دہائیوں سے اپنے پیاروں کے منتظر خاندانوں کو ذہنی سکون مل سکے۔ ان خیالات کا اظہار اقوام متحدہ میں پاکستان کے قائم مقام مستقل مندوب عثمان جدون نے سلامتی کونسل کے اجلاس سے خطاب کسی نئے لاپتا شخص کی شناخت نہ ہونا باعث تشویش ہے۔ا

کوئٹہ، سیکرٹری لیبر اینڈ پاور صالح محمد ناصر وومن جاب فیئر کے حوالے سے منعقدہ تقریب میں آرگنائزرز کو شیلڈ دے رہے ہیں

لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس محسن

اختر کیانی نے استعفیٰ دے دیا

لاہور (جی این ایم) لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس محسن اختر کیانی نے استعفیٰ دے دیا۔ جسٹس محسن اختر کیانی نے ذاتی وجوہات اور حالیہ سرجری کے بعد صحت سے متعلق خدشات کو استعفے کی وجوہات قرار دیا ہے۔ صدر پاکستان کو لکھے گئے استعفے میں انہوں نے کہا کہ وہ اسلام آباد ہائیکورٹ اور لاہور ہائیکورٹ میں خدمات انجام دے چکے ہیں اور اپنے دور میں مختلف نوعیت کے 23 ہزار سے زائد مقدمات کے فیصلے کیے۔ جسٹس محسن اختر کیانی نے 26 ویں اور 27 ویں آئینی ترامیم پر تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ان تبدیلیوں نے ہائیکورٹس کی آزادی

(بقیہ32اندرونی صفحہ 3 پر)

ریڈیو پاکستان حملہ کیس، سہیل آفریدی سمیت

پانچ ملزمان کے وارنٹ گرفتاری جاری

پشاور (اے این این) قومی کو ریڈیو پاکستان پر حملے کے مقدمے میں انسداد دہشت گردی کی عدالت نے پانچ نامزد ملزمان کے وارنٹ گرفتاری جاری کر دیئے۔ پشاور کی انسداد دہشت گردی عدالت میں کیس کی دوبارہ سماعت ہوئی۔ سماعت انسداد دہشت گردی عدالت کے جج ولی محمد نے کی۔ سماعت کے دوران پبلک پراسیکیوٹر نے عدالت میں پولیس کا

(بقیہ35اندرونی صفحہ 3 پر)

ریڈیو پاکستان حملہ کیس، سہیل آفریدی

سمیت 5 ملزمان کیخلاف چالان جمع

پشاور (جی این ایم) پشاور میں 9 مئی کو ریڈیو پاکستان حملہ کیس میں سہیل آفریدی، سابق صوبائی وزیر کامران بنگش، تیمور جھگڑا سمیت 5 ملزمان کیخلاف چالان جمع کر دیا گیا۔ پبلک پراسیکیوٹر نے انسداد دہشتگردی عدالت میں 9 مئی کو ریڈیو پاکستان حملہ کیس میں پولیس کا چالان جمع کروادیا، چالان میں سہیل آفریدی، کامران بنگش اور تیمور سلیم جھگڑا سمیت

(بقیہ44 اندرونی صفحہ 3 پر)

نوشکی کے گرلز ڈگری کالج پر حملے کا

صوبائی وزیر داخلہ نے نوٹس لے لیا

کوئٹہ (جی این ایم) بلوچستان کے وزیر داخلہ ضیا اللہ لانگو نے نوشکی کے گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج میں فائرنگ کے واقعے کا نوٹس لیتے ہوئے 24 گھنٹے میں تفصیلی رپورٹ طلب کرلی۔ ضلع نوشکی کے گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج پر حملے میں 3 طالبات زخمی ہوگئی تھیں جبکہ املاک کو نقصان بھی پہنچایا گیا۔ حملہ آور

(بقیہ43اندرونی صفحہ 3 پر)

ضلع چاغی دو انتظامی حصوں

میں تقسیم، نوٹیفکیشن جاری

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان کا ضلع چاغی دو انتظامی حصوں میں تقسیم ہوگیا۔ ویسٹرن چاغی کے قیام کا باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کردیا گیا۔ ویسٹرن چاغی کے حوالے سے اہم انتظامی پیش رفت سامنے آگئی اور ضلع چاغی کی انتظامی تقسیم کا باضابطہ اعلان کردیا گیا ہے۔ ویسٹرن چاغی کے نوٹیفکیشن کے بعد نئے انتظامی ڈھانچے سے متعلق تفصیلات کا انتظار ہے۔

لاہور ہائیکورٹ میں عمران خان کی بہنوں کی نظر

بندی میں توسیع کے خلاف درخواست دائر

لاہور (اے این این) بانی پی ٹی آئی عمران خان کی بہنوں کی نظر بندی میں توسیع کے خلاف لاہور ہائیکورٹ میں درخواست دائر کردی گئی۔ درخواست شاہ ریز اور سکینہ نیازی نے اپنے وکیل رانا مدثر عمر ایڈووکیٹ کی وساطت سے دائر کی ہے جس میں ہوم سیکرٹری، ڈپٹی کمشنر سمیت دیگر کو فریق بنایا گیا ہے۔ درخواست گزار نے موقف اختیار کیا کہ 30 روزہ نظر بندی مکمل ہونے کے بعد سات اکتوبر کو ڈپٹی کمشنر نے توسیع کا نوٹی فکیشن جاری کیا، سات اکتوبر کو نظر بندی کا نوٹی فکیشن غیر قانونی طور پر جاری کیا گیا،

پاکستان کی آئی ٹی برآمدات ستمبر 2026 میں

435 ملین ڈالر تک پہنچ گئیں، بیرسٹر دانیال

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی پارلیمانی سیکرٹری برائے اطلاعات ونشریات بیرسٹر دانیال چوہدری نے کہا ہے کہ پاکستان کی آئی ٹی برآمدات ستمبر 2026 میں 435 ملین ڈالر تک پہنچ گئیں، فری لانسرز نے برآمدات سے 197 ملین ڈالر آمدن حاصل کی۔ بدھ کو سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ یہ نمایاں اعداد وشمار پاکستانی نوجوانوں کی صلاحیتوں اور عالمی سطح پر پاکستان کی ڈیجیٹل خدمات کی بڑھتی ہوئی طلب کے عکاس ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مضبوط ڈیجیٹل معیشت پاکستان میں روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے، روزگار میں اضافے اور زرمبادلہ کے حصول میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ اور زرمبادلہ کے حصول میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔

اخبار میں شائع ہونے والے مضامین کالم نگار کا اپنا نقطہ نظر ہوتا ہے ادارے کا اس سے متفق ہونا ضروری نہیں (ادارہ)

ایران امریکا جنگ دوبارہ چھڑنے کا خدشہ، پاکستان اور چین کا بڑی تباہی کا انتباہ جاری

ایران کے جوہری مسئلے کا سفارتی حل پہلے سے زیادہ ضروری ہے، تمام فریق کشیدگی بڑھانے والے بیانات اور اقدامات سے گریز کریں، پاکستانی مندوب

ایران کے جوہری معاملے پر دہرے معیار کو ترک کیا جائے، تنازع کا حل صرف سفارت کاری ہے، دوبارہ جنگ سے بڑی تباہی آئے گی، چینی مندوب

نیویارک (جی این ایم) پاکستان اور چین نے ایران امریکا جنگ دوبارہ شروع ہونے کی صورت میں بڑی تباہی کا انتباہ جاری کیا ہے۔ اقوام متحدہ میں قائم مقام پاکستانی مندوب عثمان جدون نے سلامتی کونسل میں خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایران کے جوہری مسئلے کا سفارتی حل پہلے سے زیادہ ضروری ہے۔ تمام فریق کشیدگی بڑھانے والے بیانات اور اقدامات سے گریز کریں۔ عثمان جدون نے کہا کہ ایران کے جوہری مسئلے کا حل مذاکرات اور سفارت کاری سے نکالا جائے۔ اس معاملے کو عالمی ایٹمی توانائی ایجنسی کے ذریعے حل کیا جائے اور آئی اے ای اے کو اپنے تکنیکی مینڈیٹ کے تحت بلا رکاوٹ کام کرنے کا موقع دیا جائے۔ پاکستانی مندوب نے کہا پاکستان خطے میں کشیدگی کم کرنے کیلئے

(بقیہ27اندرونی صفحہ 3 پر)

جامعہ گوادر میں انڈس ہسپتال اور پنک ربن پاکستان کے اشتراک سے بریسٹ کینسر سے آگاہی سیمینار

بیماری کی ابتدائی مرحلے میں تشخیص موثر علاج اور بہتر صحت کے نتائج کے لیے نہایت اہم ہے

گوادر (خ ن) جامعہ گوادر کے زیر اہتمام انڈس ہسپتال گوادر اور پنک ربن پاکستان کے اشتراک سے بریسٹ کینسر سے آگاہی اور جینیٹکس کے موضوع پر ایک سیمینار منعقد ہوا، جس کا مقصد خواتین میں بریسٹ کینسر سے متعلق شعور اجاگر کرنا اور خطرات کی بروقت شناخت وابتدائی تشخیص کی اہمیت کو اجاگر کرنا تھا۔ سیمینار میں ماہرینِ صحت نے بریسٹ کینسر کی علامات، جینیاتی عوامل، احتیاطی تدابیر اور بروقت طبی معائنے کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ مقررین نے اس امر پر زور دیا کہ بیماری کی ابتدائی مرحلے میں تشخیص مؤثر علاج اور بہتر صحت کے نتائج کے لیے نہایت اہم ہے۔ سیمینار کی کلیدی مقرر ڈاکٹر شازیہ، گائناکالوجسٹ، انڈس ہسپتال گوادر نے بریسٹ کینسر سے متعلق آگاہی اور خواتین کی صحت کے حوالے سے گفتگو کی۔ پینل ڈسکشن میں ڈاکٹر یاسر طاہر، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر گوادر، مس شلی انور، جینیٹک کونسلر ولیکچرر کیمسٹری ڈیپارٹمنٹ جامعہ گوادر، اور ڈاکٹر رفعت وہاب، شعبہ سرجری، انڈس ہسپتال نے شرکت کی۔ پینل کی نظامت مس سنگین ولید، لیکچرر کیمسٹری ڈیپارٹمنٹ جامعہ گوادر نے انجام دی۔ اس موقع پر ڈین فیکلٹی آف سوشل سائنسز، پروفیسر جان محمد، ڈین فیکلٹی آف سائنس اینڈ انجینئرنگ، ڈاکٹر محب اللہ، انڈس ہسپتال کے ہیڈ آف کیمپس

(بقیہ33اندرونی صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، وفاقی وزیرخزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب ایکسس ٹو فنانس اسٹیئرنگ کمیٹی کے چھٹے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

لورالائی میں ڈپٹی کمشنر کی زیرِ صدارت زرعی انکم ٹیکس کی وصولی اور محکمہ مال کے امور کا جائزہ اجلاس

زرعی انکم ٹیکس اور دیگر سرکاری محصولات کی وصولی کے مقررہ اہداف ہر صورت حاصل کیے جائیں

لورالائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حسیب شجاع کی زیرِ صدارت زرعی انکم ٹیکس کی وصولی اور محکمہ مال کے انتظامی امور سے متعلق گیارہواں جائزہ اجلاس منعقد ہوا، جس میں ریونیو معاملات، محصولات کی وصولی اور محکمہ مال کی مجموعی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس میں زرعی انکم ٹیکس کی وصولی، گزشتہ واجبات کی بازیابی، ریونیو ریکارڈ کی درستگی و تکمیل، زیر التواء ریونیو مقدمات، سرکاری اراضی کے تحفظ اور محکمہ مال کے مختلف شعبہ جات کی کارکردگی سمیت دیگر اہم امور پر تفصیلی غور کیا گیا اس موقع پر متعلقہ ریونیو افسران نے زرعی انکم ٹیکس کی وصولی اور دیگر ریونیو امور کے حوالے سے ڈپٹی کمشنر کو پیش رفت سے آگاہ کیا، جبکہ مختلف تحصیلوں میں

(بقیہ45اندرونی صفحہ 3 پر)

لورالائی میں پینے کے پانی کی قلت اور پی ایچ ای کی کارکردگی کا جائزہ لینے کے لیے اہم اجلاس منعقد

پینے کا صاف پانی عوام کا بنیادی حق ہے، فراہمی میں غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی

لورالائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حسیب شجاع کی زیرِ صدارت شہر میں پینے کے پانی کی مسلسل قلت، عوامی شکایات اور محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ (پی ایچ ای) کی کارکردگی کا جائزہ لینے کے لیے اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ایکسین پی ایچ ای نے شرکت کی اجلاس میں شہر کے مختلف علاقوں میں پانی کی عدم فراہمی اور اس حوالے سے شہریوں کی جانب سے موصول ہونے والی مسلسل شکایات پر شدید تشویش کا اظہار کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ پینے کا صاف پانی عوام کی بنیادی ضرورت اور بنیادی حق ہے، جس کی فراہمی میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی اجلاس کو بتایا گیا کہ ضلعی انتظامیہ کی نگرانی میں شہر کے مختلف

(بقیہ46اندرونی صفحہ 3 پر)

کسی کو بھی ملکی سلامتی کو نقصان پہنچانے کی اجازت نہیں دیں گے، فیصل کریم

افغان طالبان رجیم کی جانب سے شہری آبادی اور انگور اڈہ بازار کو نشانہ بنانا قابل مذمت، مسلح افواج کو فوری، بھرپور اور فیصلہ کن جواب دینے پر سلام پیش کرتا ہوں

افغان طالبان رجیم کسی خوش فہمی میں نہ رہے، پاکستان اپنے عوام پر حملے اور ملکی خودمختاری کی خلاف ورزی ہرگز برداشت نہیں کرے گا، گورنر کے پی کے

پشاور (جی این ایم) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ کسی کو بھی پاکستان کے عوام کو دھمکانے اور ملکی سلامتی کو نقصان پہنچانے کی اجازت نہیں دیں گے۔ لوئر جنوبی وزیرستان میں شہری گھروں اور انگور اڈہ بازار پر افغان طالبان رجیم کی بلااشتعال جارحیت کی شدید مذمت کرتے ہوئے فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ افغان طالبان رجیم کی جانب سے شہری آبادی اور انگور اڈہ بازار کو نشانہ بنانا قابل مذمت ہے، پاکستان کی مسلح افواج کو فوری، بھرپور اور فیصلہ کن جواب دینے پر سلام پیش کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ افغان طالبان رجیم کسی خوش فہمی میں نہ رہے، پاکستان اپنے عوام پر حملے اور ملکی خودمختاری کی خلاف ورزی ہرگز برداشت نہیں کرے گا، خیبر پختونخوا نے دہشت گردی کے خلاف جنگ

(بقیہ47اندرونی صفحہ 3 پر)

ایران پر حملہ میری زندگی کے بہترین فیصلہ، دوبارہ کرنا پڑا تو یقیناً کرونگا، ٹرمپ

آبنائے ہرمز سے تیل کی ترسیل میں اضافہ ہورہا ہے، آبی گزرگاہ کا نام جلد تبدیل کرکے آبنائے ٹرمپ رکھا جاسکتا ہے

واشنگٹن (جی این ایم) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران پر حملے کا دفاع کرتے ہوئے دوبارہ حملوں کا اعلان کردیا اور کہا ہے کہ ایران 1979 سے امریکا کے خلاف جنگ لڑ رہا ہے اور ہزاروں امریکی فوجیوں کی ہلاکت کا ذمہ دار ہے۔ ریاست ٹیکساس میں ریلی سے خطاب کرتے ہوئے ٹرمپ نے کہا کہ ایران پر حملہ میری زندگی کے بہترین فیصلوں میں سے ایک ہے، اگر ایران پر دوبارہ حملہ کرنا پڑا تو یقیناً کروں گا۔ انہوں نے کہا کہ ایران کے خلاف فوجی کارروائیاں میری بڑی کامیابیوں میں سے ہیں۔ ڈونلڈ ٹرمپ کا کہنا تھا کہ امریکا نے ایران کے ساتھ جنگ شروع نہیں کی بلکہ ایران 1979 سے امریکا کے خلاف جنگ لڑ رہا ہے۔ دہائیوں قبل ایران کے خلاف کارروائی کرنی چاہیے تھی

میر ضیا اللہ لانگو سے یو این او ڈی سی اور یو این ڈی پی کے مشترکہ وفد کی ملاقات

یورپی یونین کے تعاون سے قانون کی حکمرانی اور نظامِ انصاف کو مضبوط بنانے کے پروگرام کا تفصیلی جائزہ

کوئٹہ (یو این اے) وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیا اللہ لانگو سے اقوام متحدہ کے ادارہ برائے منشیات و جرائم (یو این او ڈی سی) اور اقوام متحدہ کے ترقیاتی پروگرام (یو این ڈی پی) کے مشترکہ وفد نے ملاقات کی، جس میں یورپی یونین کے تعاون سے شروع کیے جانے والے نئے قانون کی حکمرانی کے پروگرام اور بلوچستان کے نظامِ انصاف سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں پروگرام کے تحت بلوچستان کے نظامِ انصاف سے وابستہ اداروں کے لیے مجوزہ سرگرمیوں اور اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ حمزہ شفقات سمیت دیگر متعلقہ حکام بھی موجود تھے۔

کوئٹہ، رکن صوبائی اسمبلی ملک نعیم خان بازئی گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول کلی رحیم گل بلیلی کے پرنسپل کو اسکول کے طالبات کے لیے فراہم کردہ بس کی چابیاں حوالے کررہے ہیں

ایران امریکا کشیدگی، قطر نے مجوزہ معاہدے کا نیا مسودہ پیش کردیا

ایران رواں ہفتے کے اختتام تک قطر کی تجویز پر اپنا جواب دے گا

دوحہ (اے این این) امریکا اور اسرائیل کے ساتھ جنگ کے خاتمے کیلئے قطر کی سفارتی کوششیں جاری ہیں۔ عرب میڈیا کے مطابق قطری ثالثوں نے ایران کو مجوزہ معاہدے کا نیا مسودہ پیش کردیا ہے۔ یہ تجویز اتوار کو تہران کے سامنے رکھی گئی تھی جس پر ایرانی قیادت غور کررہی ہے۔ توقع ہے کہ ایران رواں ہفتے کے اختتام تک قطر کی تجویز پر اپنا جواب دے گا۔ یہ سفارتی پیش رفت ایسے وقت سامنے آئی ہے جب اسرائیل کی جانب سے ایران پر دوبارہ حملوں کے خدشات ظاہر کیے جارہے ہیں۔ واضح رہے کہ دوسری جانب امریکی اخبار نے دعوی کیا ہے کہ صدر ٹرمپ نومبر میں ایران پر مختصر لیکن شدید نوعیت کے حملے کی منظوری دیں گے۔ منصوبے سے مشرق وسطی میں اتحادیوں کو بھی آگاہ کردیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق ڈونلڈ ٹرمپ ایران کی جوہری تنصیبات اور بنیادی ڈھانچے پر حملے کے حق میں ہیں۔ نئے حملوں کیلئے امریکی بمبار اور لڑاکا طیارے تیار کیے جارہے ہیں۔ میزائل دفاعی نظام کو بھی مزید مضبوط کرنے کا سلسلہ شروع کردیا گیا۔ وال اسٹریٹ جنرل کے مطابق اسرائیل بھی ایران کے خلاف نئے حملوں کی تیاری کررہا ہے۔ دوسری جانب ممکنہ امریکی فوجی کارروائی کے باوجود سفارتی کوششیں بھی جاری ہیں۔ رروائی کے باوجود سفارتی کوششیں بھی جاری ہیں۔